# اُردو کی عملی کتاب

## برائے جماعت پنجم

## یکساں قومی نصاب 2020ء کے مطابق

172-اے احمد بلاک نیو گارڈن ٹاؤن، لاہور۔

فون:042-35847711,35842554

# فہرست


| نمبر شمار | عنوانات | نمبر شمار | عنوانات |
|---|---|---|---|
| 1۔ | حمد (نظم) | 17۔ | نیک بنو، نیکی پھیلاؤ (نظم) |
| 2۔ | نعت (نظم) | 18۔ | ایک قدیم شہر |
| 3۔ | رحمتِ عالم ﷺ | 19۔ | حُسنِ سلوک |
| 4۔ | اے وطن! تُو سلامت رہے | 20۔ | کہا اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے (نظم) |
| 5۔ | جو وعدہ کرو سو پورا کرو | 21۔ | بے مِثل ہے نظام تیرا |
| 6 | قومی تہوار (برائے مطالعہ) | 22۔ | اقوالِ زریں (برائے مطالعہ) |
| 7۔ | ہوا چلی (نظم) | 23۔ | ٹوٹ بٹوٹ کے مرغے (نظم) |
| 8۔ | میری پہچان ہے تُو | | |
| 9۔ | ہمارے پیشے | | |
| 10۔ | ایک گائے اور بکری (نظم) | | |
| 11۔ | حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ | | |
| 12۔ | دنیا آپ کی مٹھی میں | | |
| 13۔ | ہم پھول اِک چمن کے (نظم) | | |
| 14۔ | آؤ بچو! سنو کہانی (برائے مطالعہ) | | |
| 15۔ | آئیں! مدد کریں | | |
| 16۔ | رکھیں میرا خیال | | |


Progressive Education Network

دن:__________ تاریخ:__________

سبق 1

# حمد

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ جان سکیں گے کہ اللہ تعالیٰ نے یہ حسین دنیا کس کی خاطر تخلیق کی ہے اور کن چیزوں کی وجہ سے یہ دنیا خوبصورت نظر آتی ہے۔اس کے ساتھ ساتھ وہ سُنی ہوئی چیزوں کی تفہیم کر کے بتا سکیں گے۔عبارت (نظم) پڑھ کر اس میں موجود معلومات اور تصوّرات کو اخذ کر کے بیان کر سکیں گے۔شعر پڑھ کر اس کا مفہوم لکھ سکیں گے۔رموزِ اوقاف (ختمہ، سکتہ) کا استعمال کر سکیں گے۔نظموں میں دیے گئے فطری مناظر پر اپنے جذبات اور احساسات کا اظہار کر سکیں گے۔

## ☆نئے الفاظ:

1۔دیے گئے الفاظ کے معانی سمجھیں اور لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| فلک | | نُوری | |
| کون و مکاں | | دَشت | |
| گُل کاریاں | | کاری گری | |
| جلوہ گری | | شبنم | |

## ☆آپ نے کیا سمجھا؟

2۔کالم:الف کو کالم:ب سے ملا کر مصرعے مکمل کریں۔

| کالم:الف | کالم:ب |
|---|---|
| فلک، چاند، سُورج | کھیتی ہری ہے |
| خدا کی ہر ایک سمت | ہے کون و مکاں میں |
| ہر اِک دشت شاداب | چمکا ہوا ہے |
| زمیں کا ہر اک ذرّہ | یہ روشن ستارے |
| خُدا سب کا خالق | جلوہ گری ہے |

Progressive Education Network

دن:―――――　　　　　　　　　　　　　　　　　تاریخ:―――――

2۔ نظم کے مطابق درست الفاظ لکھ کر مصرعے مکمل کریں۔

| | |
|---|---|
| ☆پہاڑوں سے گرتے ہیں―――――کے دھارے | ☆یہ سب میرے―――――――کی کاری گری ہے |
| ☆کہ نوری――――――دنیا بھری ہے | ☆جدھر دیکھیے نور――――――――ہوا ہے |
| ☆وہ دیکھو کہ――――――بھی نکلا ہوا ہے | ☆کہ――――――نے پھولوں کے چہرے نکھارے |

3۔ نظم کا مطالعہ کرتے ہوئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف)پہلے بند میں شاعر نے کن دل کش نظاروں کا ذکر کیا ہے؟

(ب)شاعر نے اللہ تعالیٰ کی کاری گری کے حوالے سے کن چیزوں کا ذکر کیا ہے؟

(ج)"ہر اِک دشت شاداب، کھیتی ہری ہے" سے کیا مراد ہے اور یہ کس وجہ سے ہے؟

(د)"خُدا ساری دنیا پہ چھایا ہوا ہے" کا مفہوم لکھیں۔

(د)حمد میں بیان کی گئی نعمتوں کے علاوہ کوئی سی پانچ نعمتوں کے نام اور ان سے متعلق ایک ایک جملہ لکھیں۔

Progressive Education Network

دن:__________ تاریخ:__________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

## ☆مل کر کریں بات

4۔ حمد میں اپنا پسندیدہ شعر سنائیں اور پسندیدگی کی وجہ بھی بتائیں۔

## ☆لفظوں کا کھیل

5۔ دیے گئے الفاظ کے حروف الگ الگ کر کے لکھیں اور آخری حرف سے اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی کوئی سی دو چیزوں کے نام لکھیں۔

| الفاظ | حروف | چیزوں کے نام | |
|---|---|---|---|
| فلک | | ________ | ________ |
| حمد | | ________ | ________ |
| سمت | | ________ | ________ |
| شجر | | ________ | ________ |
| شبنم | | ________ | ________ |

## ☆قواعد سیکھیں

ختمہ (۔) عبارت / جملے میں جب بات مکمل ہو جائے تو وہاں "ختمہ" کی علامت لگائی جاتی ہے۔
مثال: اللہ تعالیٰ ہمارا خالق ہے۔ ہم اس کی مخلوق ہیں۔

سکتہ (،): جب کسی جملے میں دو یا دو سے زیادہ ایک طرح کے الفاظ ساتھ ساتھ آجائیں تو انھیں ایک دوسرے سے الگ کرنے کے لیے ضروری ہو جاتا ہے۔ تین یا تین سے زیادہ الفاظ کی صُورت میں آخری لفظ کے ساتھ "سکتہ" کے بجائے لفظ "اور" آئے گا

دن:______ تاریخ:______

مثال: نیک آدمی غریبوں، محتاجوں، مفلسوں اور مسکینوں کی مدد کرتا تھا۔

اُس کے علاقے کے بچے، جوان اور بوڑھے سب اس کی عزّت کرتے ہیں۔

6۔ دیے گئے جملوں میں مناسب جگہوں پر سکتہ (،) کا استعمال کرتے ہوئے سامنے دی ہوئی جگہ میں جملے دوبارہ لکھیں۔

| | |
|---|---|
| ابّا جان بازار سے کیلے انگور امرود مالٹے اور سیب لائے۔ | |
| حِنا رابعہ شازیہ اور اسما سب پانچویں جماعت میں پڑھتی ہیں۔ | |
| میرے بستے میں کاپی قلم کتاب اور ڈائری موجود ہے۔ | |
| باغ میں گُلاب موتیے سُورج مکھی اور نرگس کے پھُول کھلے ہیں | |

## ☆پڑھیں

7۔ دی گئی عبارت درست تلفظ اور روانی سے پڑھیں۔

اللہ تعالیٰ نے انسان کو اپنی مخلوق میں سب سے افضل درجہ دیا ہے۔ اس نے ہماری ہدایت کے لیے انبیا کرام علیہم السّلام بھیجے جنھوں نے ہمیں ایک اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے کا حکم دیا۔ اس نے الہامی کتابیں نازل کیں تاکہ ہم ان سے رہنمائی حاصل کر سکیں۔ اللہ تعالیٰ اس کائنات کا واحد خالق و مالک ہے۔ وہ ہر شے پر قادر ہے۔ اس کی نظر میں ہمارے سب کام ہیں۔ وہ روزِ جزا کا مالک ہے۔ اسے اپنے بندوں سے بے حد محبت ہے۔ ہمیں ایک اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنی چاہیے اور صرف اُسی سے مدد مانگنی چاہیے۔

Progressive Education Network

تاریخ:__________ دن:__________

## ☆کچھ نیا لکھیں

8۔ ہمارے لیے اللہ تعالیٰ کی سب سے بڑی نعمت ہمارے والدین ہیں۔ اس موضوع پر ایک پیراگراف لکھیں۔

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

## ☆آؤ کریں کام

9۔ اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی کوئی سی دس چیزوں کی تصویروں پر مشتمل ایک کتابچہ تیار کریں اور جماعت میں ساتھیوں کو دکھائیں۔

Progressive Education Network

دن:________ تاریخ:________

سبق 2

# نعت

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ جان سکیں گے کہ حضرت محمد ﷺ نے ہمیں ہدایت کا راستہ دکھایا۔ آپ ﷺ نے مصیبت زدہ لوگوں کی مدد کرنے کی تعلیم دی۔ اساتذہ بچوں کو نعت کا مطلب بتائیں۔ انھیں حمد اور نعت کا فرق بتائیں۔ اس کے ساتھ ساتھ طلبہ اردو زبان کے حوالے سے برقی میڈیا سے اپنی پسند کا مواد سن کر سمجھ اور دہرا سکیں گے۔ متن (نظم) کو فہم کے ساتھ پڑھ کر متعلقہ سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔ نظم کو نثر میں تبدیل کر کے لکھ سکیں گے۔ لغت میں الف بائی ترتیب سے الفاظ کے معانی تلاش کر سکیں۔ اسم معرفہ اور اسم نکرہ کا درست استعمال کر سکیں گے۔

## ☆ نئے الفاظ:

1۔ دیے گئے الفاظ کے معانی سمجھیں اور لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| کرشمہ | | آفت | |
| اُجیارا | | ماہِ عرب | |
| مُژدہ | | فِدا | |
| منظور | | قُدرت | |

## ☆ آپ نے کیا سمجھا؟

2۔ کالم: الف کو کالم: ب سے ملا کر مصرعے مکمل کریں۔

| کالم: الف | کالم: ب |
|---|---|
| کیا خوب کرشمہ قدرت کا | مُژدہ وہ سنانے آئے تھے |
| اس نام سے ہے دُنیا روشن | ڈھا دی دیوار بُرائی کی |
| دُنیا کو خدا کی رحمت کا | آپس میں بھائی بھائی ہو |
| جڑ کاٹی ساری بدیوں کی | دُنیا والوں کو دکھلایا |
| فرمایا تم مسلم سارے | اِس نام سے ہے جگ اُجیارا |

دن:________ تاریخ:________

3۔ مصرعوں کے سامنے دیے گئے حروف کی ترتیب درست کر کے الفاظ بنائیں اور خالی جگہ پُر کریں۔

| | |
|---|---|
| ☆اللہ نے اپنی________سے | (ت۔ر۔م۔ح) |
| ☆اور دین ہمیں________دیا | (س۔ل۔ا۔م۔ا) |
| ☆ہو جائیں________اس نام پہ ہم | (ا۔ف۔د) |
| ☆ایمان کی بھی________بخشی | (و۔ل۔ت۔د) |
| ☆اللہ کا بھی________دیا | (ے۔غ۔پ۔ا۔م) |

4۔ نظم کا مطالعہ کرتے ہوئے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف) عرب کا چاند سے مُراد کون سی مبارک ہستی ہے؟

______________________________

______________________________

(ب) حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیّین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ نے اللہ تعالیٰ کا پیغام ہمیں کس صورت میں دیا؟

______________________________

______________________________

(ج) نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ نے کس کی تکلیفیں دور کرنے کا حکم دیا؟

______________________________

______________________________

(د) نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ نے ہمیں دنیا میں رہنے کا کیا سبق سکھایا؟

______________________________

______________________________

(ہ) نعت کا دوسرا بند کاپی میں خوش خط لکھ کر اس کی نثر بنائیں۔

Progressive Education Network

دن:________　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　تاریخ:________

## ☆مل کر کریں بات

5۔ نعت کے پہلے بند کا مفہوم آسان الفاظ میں دی گئی خالی جگہ میں لکھیں۔

6۔ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیّین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی ذات مبارک ہم سب کے لیے باعثِ رحمت ہے۔ اپنے الفاظ میں بیان کریں۔

## ☆لفظوں کا کھیل

7۔ نعت کا مطالعہ کرتے ہوئے اس میں سے ہم آواز الفاظ کی جوڑیاں بنا کر لکھیں۔

مثال: دکھلائی　بھلائی

دن:__________ تاریخ:__________

## ☆قواعد سیکھیں

8۔ دیے گئے الفاظ کو الف بائی ترتیب سے لکھیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| رحمت | کرشمہ | مُژدہ | فِدا | ناداروں |
| بیماریوں | عرب | سبق | دولت | جہاں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۱) | ۲) | ۳) | ۴) | ۵) |
| ۶) | ۷) | ۸) | ۹) | ۱۰) |

9۔ نعت میں سے پانچ اسمِ نکرہ اور پانچ اسمِ معرفہ چُن کر لکھیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اسمِ نکرہ | | | | | |
| اسمِ معرفہ | | | | | |

10۔ دیے گئے جملوں میں سے موجود اسمِ نکرہ کے گرد (□) اور اسمِ معرفہ کے گرد (O) بنائیں۔

| | |
|---|---|
| ☆یہ میری اردو کی کتاب ہے۔ | ☆جنگل میں چیڑ کے درخت تھے۔ |
| ☆مجھے پاکستان کا ہر شہر پسند ہے۔ | ☆سمندر میں وہیل مچھلی تھی۔ |
| ☆عائشہ نے پھل خریدے ہیں۔ | ☆سونا ایک قیمتی دھات ہے۔ |

## ☆پڑھیں

11۔ دی گئی عبارت پڑھیں اور پوچھے گئے سوالات کے جوابات لکھیں۔

حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیّین ﷺ اللہ تعالیٰ کے آخری پیغمبر اور دونوں جہانوں کے سردار ہیں۔ آپ ﷺ کے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنھم آپ ﷺ سے بہت محبت کرتے تھے۔ اُن کے نزدیک آپ ﷺ کا درجہ ایک بادشاہ اور حاکم سے کہیں بڑھ کر تھا، لیکن آپ ﷺ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنھم کے ساتھ مِل جُل کر رہتے اور کسی کام میں اپنے لیے امتیاز پسند نہ کرتے تھے۔ آپ ﷺ دیگر صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنھم کی طرح ہر کام اپنے دستِ مبارک سے کرتے اور اس کو عار نہ سمجھتے تھے۔ بازار سے سودا سلف لاتے، اپنے کپڑوں کو پیوند لگاتے یہاں تک کہ بعض اوقات دوسروں کا کام بھی خود کر دیتے۔

دن:________ تاریخ:________

سوالات:

| |
|---|
| ☆صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنھم کے نزدیک آپ ﷺ کا درجہ کس سے بڑھ کر تھا؟ |
| ج) |
| ☆آپ ﷺ کس بات کو عار نہ سمجھتے تھے؟ |
| ج) |
| ☆نبی کریم ﷺ اپنے کون سے کام خود کر لیتے تھے؟ |
| ج) |

## ☆کچھ نیا لکھیں

12۔لائبریری / استاد / انٹرنیٹ کی مدد سے مسجدِ نبوی کے بارے میں معلومات اکٹھی کر کے دس جملے خوش خط لکھیں۔

## ☆آؤ کریں کام

13۔الیکٹرانک میڈیا کے کسی ذریعے سے کوئی نعت یا اخلاقی نظم یاد کر کے جماعت میں ساتھیوں کو سنائیں۔

دن:________ تاریخ:________

سبق 3

# رحمتِ عالم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ جان سکیں گے کہ آپ ﷺ تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجے گئے۔ آپ ﷺ کی رحمت مومنوں کے لیے نہیں تھی بلکہ غیر مسلموں کے لیے بھی آپ ﷺ کی ذاتِ مبارک شفقت کا باعث تھی۔ اسی طرح آپ ﷺ جانوروں اور پرندوں پر بھی مہربان تھے۔ اس کے ساتھ ساتھ طلبہ رموز او قاف (وقفہ) کا استعمال کر سکیں گے۔ گفت گو کے دوران میں مرکب جملوں اور محاورات کا استعمال کر سکیں گے۔ اپنے سکول یا لائبریری سے اپنی دل چسپی کی کتابیں / رسائل وغیرہ لے کر ان کا مطالعہ کر سکیں گے۔

## ☆ نئے الفاظ:

1۔ دیے گئے الفاظ کے معانی سمجھیں اور لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| درگُزر | | بے یار و مددگار | |
| سراپا رَحمت | | عملی نمونہ | |
| وحشی | | جبر | |
| پسیج | | ہَیبت | |

## ☆ آپ نے کیا سمجھا؟

2۔ سبق کا مطالعہ کرتے ہوئے درج ذیل الفاظ کے جملے بنائیں۔

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| ہیبت | |
| مشقّت | |
| ملامت | |
| تکلیف | |
| خیر | |

دن:__________ تاریخ:__________

3۔ سبق کے مطابق درست لفظ لکھ کر خالی جگہ پُر کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| ☆ مکّہ والوں میں اب__________کا حوصلہ نہیں تھا۔ | لڑنے | مرنے |
| ☆ جو بیت اللہ میں آ گیا اس کے لیے__________ہے۔ | آسان | امان |
| ☆ ایک مرتبہ صحابہؓ نے چڑیا کے گھونسلے سے اُس کے__________ اُٹھا لیے۔ | تنکے | بچّے |
| ☆ اُونٹ بھوک کی وجہ سے__________ہو گیا تھا۔ | بیمار | پریشان |
| ☆ جاؤ تم سب__________ہو۔ | آزاد | غلام |

4۔ دیے گئے سوالوں کے جواب دیں۔

(الف) سبق کے آغاز میں کس واقعے کی طرف اشارہ کیا گیا ہے؟

______________________________

______________________________

(ب) وحشی اور ہندہ کا جرم کیا تھا اور ان کے ساتھ کیا سلوک کیا گیا؟

______________________________

______________________________

(ج) خادم اور غلام کے بارے میں آپ ﷺ نے کیا فرمایا؟

______________________________

______________________________

(د) اہلِ قریش نے آپ ﷺ کی بات کے جواب میں کیا کہا؟

______________________________

______________________________

(ہ) اس سبق میں آپ ﷺ کی کون سی خوبیوں کا ذکر کیا گیا ہے؟

______________________________

Progressive Education Network

دن:______ تاریخ:______

## ☆مل کر کریں بات

5۔ سکول میں سیرتِ محمد رسول اللہ خاتم النبیّین ﷺ کے موضوع پر منعقد ہونے والی کسی تقریب کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کریں۔

______

______

______

______

______

______

______

## ☆لفظوں کا کھیل

6۔ درج ذیل الفاظ کو معمّے میں تلاش کر کے ان کے گرد دائرہ لگائیں اور الف بائی ترتیب سے نیچے دی گئی جگہ میں لکھیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ص | ب | ا | ط | ل | ہ |
| ا | م | ی | ن | ا | ے |
| د | و | ا | ب | م | ب |
| ق | ن | ا | و | م | ت |
| غ | ف | ک | و | ی | ن |
| ق | س | م | ت | د | ا |

باطِل — صادِق — امین — ہَیبت — نبوّت — قسمت

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| (۱) | (۲) | (۳) | (۴) | (۵) | (۶) |

دن:__________ تاریخ:__________

# ☆قواعد سیکھیں

## وقفہ (؛)

دیے گئے جملے غور سے پڑھیں۔

☆خلوص، محبت، ہمدردی؛ یہ سب خوبیاں خالد میں موجود ہیں۔

☆وادیِ مری، وادیِ کاغان، وادیِ نیلم؛ پاکستان کی خوبصورتی میں اضافہ کرتی ہیں۔

اوپر دیے گئے جملوں میں وقفہ (؛) کی علامت لگائی گئی ہے۔ جب کئی لفظوں کے درمیان سکتے کا استعمال ہوتا ہے تو آخری ٹکڑے سے پہلے وقفے کی طوالت قدرے بڑھ جاتی ہے۔ چنانچہ ایسے مواقع پر وقفہ (؛) کی علامت استعمال کی جاتی ہے۔

7۔ دیے گئے جملوں میں مناسب جگہ پر وقفہ (؛) کی علامت لگا کر جملے دوبارہ لکھیں۔

☆ٹوٹ بٹوٹ کی موٹر کار، ٹوٹ بٹوٹ نے کھیر پکائی، ٹوٹ بٹوٹ اک افسر ہے یہ سب صوفی غلام مصطفیٰ تبسم کی مشہور نظمیں ہیں۔

☆مارخور، ہاکی، چکور ہماری قومی شناخت کا حصّہ ہیں۔

☆موتیا، گُلاب، گیندا، سُورج مکھی باغ میں اپنی بہار دکھا رہے تھے۔

☆وعدہ خلافی، جھوٹ، بددیانتی ان سب باتوں سے وہ دور بھاگتا ہے۔

8۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

Progressive Education Network

☆کسی جملے میں جب بات مکمل ہو جائے اور ٹھہراؤ بھرپور ہو تو درج ذیل علامت لگائی جاتی ہے:

۱۔سکتہ ۲۔ختمہ ۳۔وقفہ ۴۔واوین

☆اُردو، قرآن، عشاء؛ یہ مثالیں ہیں:

۱۔اسمِ معرفہ کی ۲۔اسمِ نکرہ کی ۳۔اسمِ عام کی ۴۔اسمِ ضمیر کی

☆(،) اس علامت کو کہتے ہیں:

۱۔ختمہ ۲۔وقفہ ۳۔سکتہ ۴۔سوالیہ

☆کسی بھی عام چیز، جگہ یا شخص کے نام کو کہتے ہیں:

۱۔اسمِ ضمیر ۲۔اسمِ معرفہ ۳۔اسمِ خاص 4۔ اسِم نکرہ

دن:__________ تاریخ:__________

## ☆پڑھیں

9۔دی گئی عبارت درست تلفظ سے پڑھیں اور پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

اُم المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا، نبی کریم ﷺ کی پیاری زوجہ تھیں۔ نبی کریم ﷺ کے وصال کے بعد آپ رضی اللہ تعالیٰ عنھا کا زیادہ وقت عبادت میں گزرتا تھا۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنھا کا اخلاق بہترین اور عادات عمدہ تھیں۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنھا بے حد فیّاض اور مہمان نواز تھیں۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنھا غریبوں کا خاص خیال رکھتی تھیں۔ ایک بار حضرت عبد اللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک لاکھ درہم بھیجے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنھا نے اُسی وقت ساری رقم غریبوں اور مسکینوں میں تقسیم کر دی۔ مختلف علاقوں سے لوگ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنھا کے پاس دینی مسائل پوچھنے آتے تھے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنھا نے ۱۷ رمضان المبارک میں وفات پائی۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنھا کو جنّت البقیع میں دفن کیا گیا۔

سوالات:

| |
|---|
| ☆حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا کون تھیں؟ |
| (ج) |
| ☆نبی کریم ﷺ کے وصال کے بعد آپ رضی اللہ تعالیٰ عنھا کا زیادہ وقت کیسے گزرتا تھا؟ |
| (ج) |
| ☆آپ رضی اللہ تعالیٰ عنھا کی دو پیاری عادات کے بارے میں بتائیں۔ |
| (ج) |
| ☆آپ رضی اللہ تعالیٰ عنھا کا انتقال کب ہوا اور آپ رضی اللہ تعالیٰ عنھا کو کہاں دفن کیا گیا؟ |
| (ج) |

## ☆کچھ نیا لکھیں

10۔لائبریری سے سیرت سے متعلق کوئی کتاب لے کر نبی کریم ﷺ کی بچوں پر شفقت کا کوئی واقعہ لکھیں۔

دن:________ تاریخ:________

## ☆آؤ کریں کام

11۔ نبی کریم ﷺ اپنا کام اپنے دستِ مبارک سے کرتے تھے۔ آپ اپنے کون کون سے کام اپنے ہاتھوں سے کرتے ہیں؟ فہرست تیار کریں۔

دن:________ تاریخ:________

سبق 4

# اے وطن !تُو سلامت رہے

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ جان سکیں گے کہ پاکستان میں رنگارنگ، تفریحی اور تاریخی مقامات پائے جاتے ہیں۔ اور ان علاقوں کے لوگوں کا رہن سہن، ان کے پکوان اور لباس، مختلف ہیں۔ پاکستان کے لوگ مل جل کر رہتے ہیں اور وطن سے محبت کرتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ طلبہ کسی سفر کا مختصراً احوال لکھ سکیں گے۔ جمع کو واحد اور واحد کو جمع میں تبدیل کر سکیں گے۔ حروفِ جار کا درست استعمال کر سکیں گے۔ کسی میلے یا نمائش کو دیکھ کر اس کی کسی مخصوص سرگرمی پر اپنے ردِّ عمل کا اظہار کر سکیں گے۔

## ☆نئے الفاظ:

1۔ دیے گئے الفاظ کے معانی سمجھیں اور لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| دِل چسپ | | سیّاح | |
| مزّین | | جنّت نظیر | |
| نمودار | | بے اختیار | |
| جوق در جوق | | روایتی | |

## ☆آپ نے کیا سمجھا؟

2۔ سبق کے مطابق درست بیانات کے سامنے (✓) اور غلط بیانات کے سامنے (×) کا نشان لگائیں۔

| | |
|---|---|
| ☆صوبہ بلوچستان کا صدر مقام کوئٹہ ہے۔ | (   ) |
| ☆صوبہ پنجاب کا صدر مقام ملتان ہے۔ | (   ) |
| ☆صوبہ خیبر پختونخوا کا صدر مقام پشاور ہے۔ | (   ) |
| ☆صوبہ سندھ کا صدر مقام کراچی ہے۔ | (   ) |
| ☆آزاد کشمیر کا صدر مقام چنار ہے۔ | (   ) |
| ☆گِلگت بلتستان کا صدر مقام گِلگت ہے۔ | (   ) |

دن:________ تاریخ:________

3۔ سبق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی دائرہ لگا کر کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ☆ قائدِ اعظم رحمتہ اللہ علیہ نے اپنی زندگی کے آخری ایّام گزارے: | | | |
| ۱۔ سوات میں | ۲۔ ملتان میں | ۳۔ کراچی میں | ۴۔ زیارت میں |
| ☆ ہنّہ، سیف الملوک اور چھوٹا گلہ نام ہیں: | | | |
| ۱۔ آبشاروں کے | ۲۔ جھیلوں کے | ۳۔ ندیوں کے | ۴۔ چشموں کے |
| ☆ دل کش نظاروں اور خوبصورتی کی وجہ سے جنّت نظیر کہا جاتا ہے: | | | |
| ۱۔ مری کو | ۲۔ کشمیر کو | ۳۔ شندور کو | ۴۔ کاغان کو |
| ☆ بابِ خیبر واقع ہے: | | | |
| ۱۔ صوبہ سندھ میں | ۲۔ صوبہ پنجاب میں | ۳۔ صوبہ خیبر پختونخوا میں | ۴۔ صوبہ بلوچستان میں |
| ☆ پولو میچ کے کھلاڑی سوار ہوتے ہیں: | | | |
| ۱۔ بیلوں پر | ۲۔ خچروں پر | ۳۔ اُونٹوں پر | ۴۔ گھوڑوں پر |

4۔ دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف) قصّہ خوانی بازار کہاں واقع ہے اور اس کی وجہ شہرت کیا ہے؟

________

________

(ب) لاہور کی تاریخی عمارات میں سے تین کے نام لکھیں۔

________

________

________

(ج) رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ اور آبادی کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا شہر کون سا ہے؟

________

________

Progressive Education Network

تاریخ:__________ دن:__________

(د) گلگت بلتستان کی سب سے خاص بات کیا ہے؟

______________________________

______________________________

(ہ) کشمیر کے روایتی کھانے اور مشہور پہناوے کون سے ہیں؟

______________________________

______________________________

(و) پاکستان میں رہنے والے لوگوں میں کون سی باتیں مشترک ہیں؟ کوئی سی تین بتائیں۔

______________________________

______________________________

______________________________

## ☆مل کر کریں بات

5۔ اپنے وطن سے متعلق اپنی پسندیدہ نظم، ترانہ یا نغمہ اپنے ساتھیوں کو سنائیں اور پسندیدگی کی وجہ بیان کریں۔

## ☆لفظوں کا کھیل

Progressive Education Network

6۔ دیے گئے معمّے میں پاکستان کے چند شہروں کے نام چھپے ہیں۔ انھیں تلاش کر کے ان کے گرد دائرہ لگائیں اور دی ہوئی جگہ میں لکھیں۔

ا۔__________ ۲۔__________

۳۔__________ ۴۔__________

۵۔__________ ۶۔__________

۷۔__________ ۸۔__________

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ک | ک | ر | کھ | س | ق | ن | خ |
| ر | و | ہ | ا | ل | ص | ا | و |
| ا | ء | غ | ٹ | ب | و | ژ | ش |
| چ | ٹ | ا | ک | ی | ر | م | ا |
| ی | ہ | ا | ی | ن | ی | د | ب |

دن:__________ تاریخ:__________

## ☆قواعد سیکھیں

7۔ دیے گئے واحد الفاظ کے جمع اور جمع الفاظ کے واحد لکھیں۔

| واحد | جمع |
|---|---|
| وادی | __________ |
| __________ | جنگلات |
| چوٹی | __________ |
| __________ | ندیاں |
| کھنڈر | __________ |

8۔ خالی جگہ میں مناسب حروفِ جار لکھ کر جملے مکمل کریں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سے | تک | میں | اندر | پر | نے |

☆وادیِ مری صوبہ پنجاب__________واقع ہے۔
☆ہم__________پشاوری چپلی کباب کھائے۔
☆صبح سے شام__________بارش برستی رہی۔
☆شاہین پہاڑ کی چوٹی__________بیٹھا تھا۔
☆ہمیں اپنے وطن__________محبت ہے۔
☆کھلونے ڈبّے کے__________ہیں۔

## ☆پڑھیں

9۔ دی گئی عبارت درست تلفظ اور روانی سے پڑھیں۔

فیصل مسجد پاکستان کے دارالحکومت اسلام آباد میں واقع ہے۔ یہ عظیم الشان مسجد اپنے انوکھے طرزِ تعمیر کی وجہ سے کافی مشہور ہے۔ اس مسجد کی تعمیر کی تجویز سعودی حکمران شاہ فیصل نے دی۔ ۱۹۷۶ء میں سعودی حکومت کی مالی امداد سے اس مسجد کی تعمیر شروع کی گئی۔ اس مسجد کے مرکزی ہال میں تقریباً اسّی ہزار نمازی، نماز ادا کرسکتے ہیں۔ اس کی شکل ایک بڑے تکونی خیمے کی طرح ہے۔ مسجد کے اندر ایک بڑا برقی فانوس نصب ہے۔ اس کے چار بڑے مینار اس کی خوب صورتی میں اضافے کا باعث ہیں۔

دن:ــــــــــــ تاریخ:ــــــــــــ

## ☆کچھ نیا لکھیں

10۔اپنے صوبے کے بارے میں ایک معلوماتی پیراگراف لکھیں۔

11۔اپنی کسی پسندیدہ جگہ کے سفر کے بارے میں مختصراً لکھیں اور پسندیدگی کی وجہ بھی بتائیں۔

## ☆آؤ کریں کام

12۔جوڑیوں کی صورت میں پاکستان کے سیّاحتی مقامات کی تصویروں پر مبنی ایک کتابچہ تیار کریں اور کمرہ جماعت میں اس کی نمائش کریں۔

13۔پاکستان سے متعلق مختلف معلومات پر مبنی سوالات تیار کریں۔بعد ازاں جماعت میں ذہنی آزمائش کا کھیل کھیلیں۔

دن:—————　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　تاریخ:—————

سبق 5

# جو وعدہ کرو سو پُورا کرو

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ جان سکیں گے کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دورِ خلافت میں مسلمانوں نے خوب فتوحات حاصل کیں۔ اسلامی سلطنت نے وسعت اختیار کی۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ انصاف پسند اور عہد پورا کرنے والے تھے۔ رموزِ اوقاف (واوین) کا استعمال کر سکیں گے۔ اسم معرفہ اور اسم نکرہ کا استعمال کر سکیں گے۔ اُردو کے فروغ کے لیے جدید ذرائع ابلاغ (ٹی وی، موبائل فون، ٹیبلیٹ کمپیوٹر، لیپ ٹاپ وغیرہ) کا استعمال کر سکیں گے۔

## ☆نئے الفاظ:

1۔ دیے گئے الفاظ کے معانی سمجھیں اور لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| سبق آموز | | مُہلت | |
| بے چینی | | آثار | |
| پاس داری | | عہد | |
| وُسعَت | | صادِر کرنا | |

## ☆آپ نے کیا سمجھا؟

2۔ سبق کے مطابق درست الفاظ لکھ کر خالی جگہ پُر کریں۔

| |
|---|
| ☆ہر مزان—————کی حیثیت سے دربار میں پیش کیا گیا۔ |
| ☆آپ ایک—————مسلمان ہیں جو اپنا وعدہ نہیں توڑتے۔ |
| ☆حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور میں اسلامی—————نے خوب وسعت اختیار کی۔ |
| ☆سب لوگ خلیفہ کے انصاف اور—————کے بارے میں جانتے تھے۔ |
| ☆وہ شخص اپنے وعدہ کے—————واپس آتا دکھائی دے رہا تھا۔ |

Progressive Education Network

دن:________ تاریخ:________

3۔ سبق کے مطابق لکھ کر بتائیں کہ یہ جملے کس نے کہے:

| | |
|---|---|
| ☆"داداجان: آج آپ کون سی کہانی سنائیں گے۔" | ________ |
| ☆"جب تک میں یہ پانی نہ پی لوں آپ مجھے قتل نہیں کروائیں گے۔" | ________ |
| ☆"پہلے تم نے انکار کیا اور اب اسلام قبول کر رہے ہو۔" | ________ |
| ☆"میں نے احمد کی کتاب آج واپس کرنے کا وعدہ کیا تھا۔" | ________ |
| ☆"میرے سوا اُن کی دیکھ بھال کرنے والا اور کوئی نہیں۔" | ________ |

4۔ دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف) ہرمزان کون تھا اور اسے کس خلیفہ کے دربار میں پیش کیا گیا؟

________

________

(ب) ہرمزان نے سزا سے بچنے کے لیے کیا طریقہ اختیار کیا اور کیوں؟

________

________

(ج) کس صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے قتل کرنے والے شخص کی ضمانت دی اور اُس شخص کا کیا انجام ہوا؟

________

________

(د) حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ نے دونوں نوجوانوں اور صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لیے دعا کیوں فرمائی؟

________

________

Progressive Education Network

دن:________ تاریخ:________

(ہ)وعدہ پُورا کرنا کیوں ضروری ہے؟ چار سے پانچ سطروں میں جواب دیں۔

________

________

________

________

________

## ☆مل کر کریں بات

5۔الیکٹرانک میڈیا کے کسی ذرائع سے کوئی اخلاقی کہانی سنیں اور جماعت میں ساتھیوں کو اپنے الفاظ میں بتائیں۔

## ☆لفظوں کا کھیل

6۔مثال کے مطابق دیے گئے الفاظ کے حروف الگ الگ کریں اور پھر ان حروف کی مدد سے ایک نیا لفظ بنائیں۔

| الفاظ | حروف | نیا لفظ |
|---|---|---|
| اعتبار | ا-ع-ت-ب-ا-ر | عبارت |
| جلاد | | |
| پانی | | |
| تلوار | | |
| زمین | | |
| شربت | | |

## ☆قواعد سیکھیں

دیے گئے جملے کو غور سے پڑھیں۔

☆استاد صاحب نے کہا:"اچھے بچے جھوٹ نہیں بولتے۔"

دن:__________ تاریخ:__________

☆امی جان نے باجی کو بتایا:"آج احمد دیر سے گھر آئے گا۔"

جب کسی کا قول یا بات ہُو بہ ہُو اسی کے انداز میں نقل کرنا مقصود ہو تو اسے واوین ("") میں لکھا جاتا ہے۔ جیسے اوپر جملوں میں اچھے بچے جھوٹ نہیں بولتے، آج احمد دیر سے گھر آئے گا۔ استاد صاحب اور امی جان کی بات کو ہُو بہ ہُو بیان کر رہے ہیں۔

7۔ دیے گئے جملوں میں مناسب جگہ پر واوین ("  ") کی علامت لگائیں۔

☆ قرآنِ مجید میں ارشاد ہے: اور ہم نے ہر جان دار چیز پانی سے بنائی ہے۔

☆اسلم نے جواب دیا: میں خوب محنت سے پڑھوں گا۔

☆ہرمزان کہنے لگا: جب تک میں یہ پانی نہ پی لوں مجھے قتل نہ کیا جائے۔

☆استاد صاحب نے پوچھا: سبق کس کس نے یاد کیا ہے؟

☆احمد نے جواب دیا: میں اپنا کام وقت پر مکمل کرتا ہوں۔

☆سارہ بولی: میں بھی آم کھاؤں گی۔

8۔ مثال کے مطابق سبق "جو وعدہ کرو سو پُورا کرو" میں سے پانچ اسم نکرہ اور اسم معرفہ چن کر دی گئی جگہ میں لکھیں۔

| اسم نکرہ | اسم معرفہ |
|---|---|
| مُلک | ایران |
| __________ | __________ |
| __________ | __________ |
| __________ | __________ |
| __________ | __________ |

## ☆پڑھیں

9۔ دیا گیا پیراگراف درست تلفظ اور روانی سے پڑھ کر نیچے پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

ہمیں اپنے وطن سے محبت ہے۔ ہم اس کی ترقی کے لیے دل لگا کر محنت کریں گے۔ اس کے پرچم کو سربلند رکھیں گے۔ ہمارے لیے اس میں بسنے والے تمام لوگ قابلِ احترام ہیں۔ ہمارے ملک کی مثال ایک خوب صورت گُل دستے کی مانند ہے، جس کے ہر پھول کی اپنی خوش بُو، جُدا رنگ اور شناخت ہے۔ ہمارے لیے رنگ، نسل اور زبان کی بنیاد پر کوئی زیادہ اہم یا غیر اہم نہیں ہے، ہم سب پاکستانی ہیں۔ پاکستان ہی ہماری پہچان ہے۔ ہم عہد کرتے ہیں کہ ہم اپنے وطن کی سالمیّت پر کوئی آنچ نہیں آنے دیں گے۔ ہم طالب علم اپنے وطن کا مستقبل ہیں۔ ہم اپنے وطن کا نام روشن کریں گے۔

سوالات:

ا۔ ہمیں اپنے وطن کی ترقی کے لیے کیا کرنا چاہیے؟

(ج) ————————————————

۲۔ ہمارے ملک کی مثال کس کی مانند ہے؟

(ج) ————————————————

۳۔ اس پیراگراف میں کس بات کا عہد کیا گیا ہے؟

(ج) ————————————————

۴۔ بحیثیت طالبِ علم آپ اپنے وطن کا نام کیسے روشن کر سکتے ہیں؟

(ج) ————————————————

## ☆کچھ نیا لکھیں

10۔ ''ایفائے عہد'' کے موضوع پر ایک اخلاقی کہانی لکھیں۔ اس کہانی کا مناسب عنوان اور نتیجہ بھی تحریر کریں۔

————————————————

————————————————

Progressive Education Network

دن:————— تاریخ:—————

## ☆آؤ کریں کام

11۔چارٹ کے دو درخت بنائیں۔ایک درخت پر پسندیدہ عادات اور دوسرے درخت پر ناپسندیدہ عادات کی فہرست بنائیں۔ بعد ازاں انھیں سافٹ بورڈ پر لگائیں۔

Progressive Education Network

دن:___________ تاریخ:___________

سبق 6

# قومی تہوار (برائے مطالعہ)

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ جان سکیں گے کہ جس طرح لوگ اپنی زندگی کے اہم دنوں کو یاد رکھتے اور ان پر خوشی کا اظہار کرتے ہیں۔اسی طرح قوموں کی اجتماعی زندگی میں بعض دن بہت اہمیت رکھتے ہیں۔ان دنوں کو یاد رکھنے کے لیے جشن اور تہوار منائے جاتے ہیں۔یہ سب قومی تہوار کہلاتے ہیں۔

## ☆ سمجھیں اور بتائیں

1۔(الف) آپ یومِ آزادی کس طرح مناتے ہیں اور اس دن کیا خاص اہتمام کرتے ہیں؟

___________

___________

(ب) تاریخِ پاکستان میں ۲۳ مارچ ۱۹۴۰ء کی کیا اہمیت ہے؟

___________

___________

(ج) یومِ آزادی کا اصل مقصد کیا ہوتا ہے؟

___________

___________

(د) یومِ دفاع کب اور کیوں منایا جاتا ہے؟

___________

___________



Progressive Education Network

(ہ)۲۵ دسمبر اور ۹ نومبر کن عظیم پاکستانی راہ نماؤں سے منسوب ہیں اور کیوں؟

______________________________

______________________________

______________________________

(و) پاکستان کے قیام کا اصل مقصد کیا تھا؟

______________________________

______________________________

______________________________

## ☆سننا / بولنا

2۔ ہمارا وطن ہماری پہچان ہے۔ پانچ جملوں میں اپنے خیالات کا اظہار کریں۔

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

## ☆پڑھنا

3۔ دیا گیا پیراگراف درست تلفظ اور روانی سے پڑھ کر نیچے پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

جس کرۂ ارض پر ہم رہتے ہیں، یہاں زندہ رہنے کے لیے اللہ تعالیٰ نے ہمیں تازہ ہوا، صاف پانی، اچھی خوراک کے علاوہ پیڑ پودوں اور پُرسکون فضا جیسی نعمتوں سے بھی نوازا ہے۔ یہ سب مل کر ہماری زندگی کو صحت مند اور خوش گوار بناتے ہیں۔ اگر

ان میں سے کوئی بھی چیز ہمیں تواتر سے میّسر نہ آئے تو ہمارا نظامِ زندگی بہت سی بیماریوں اور ناقابلِ برداشت تکالیف میں گھِر جاتا ہے لیکن ہم انسان اپنے ہی ہاتھوں سے پیڑ پودوں کو کاٹ کر ان کی جگہ زہریلی گیسیں پیدا کرنے والے کارخانے اور مشینیں لگا رہے ہیں، جو ہماری صحت اور زندگی پر بُرے اثرات ڈالتے ہیں۔ماحولیات کے ماہرین کے مطابق کسی بھی ملک کے ایک چوتھائی رقبے پر جنگلات کا ہونا بہت ضروری ہے۔ درخت ہمیں آکسیجن فراہم کرتے ہیں۔اس کے علاوہ کثیف اور گندی ہوا کو اپنے اندر جذب کر کے ماحول کو خوش گوار بناتے ہیں۔ درختوں کی کٹائی سے ماحول میں کثیف مادوں کی زیادتی ہو جاتی ہے، جس سے ماحول آلودہ ہو جاتا ہے اور مُضر بیماریوں کا سبب بنتا ہے۔ان بُرے اثرات سے بچنے کے لیے ضروری ہے کہ ہم زیادہ سے زیادہ درخت لگائیں اور اپنے اردگرد کے ماحول کو صاف رکھیں۔ ہم ذمّہ داری کا مظاہرہ کر کے کرۂ ارض کو پُر سکون اور محفوظ بنا سکتے ہیں۔

سوالات:

(الف)ماحول کی آلودگی کی کوئی سی دو وجوہات بتائیں۔

______________________________

______________________________

______________________________

(ج)کسی ملک میں درختوں کی تعداد کتنی ہونی چاہیے؟

______________________________

(د)درختوں کے کوئی سے دو فائدے بتائیں۔

______________________________

______________________________

## ☆زبان شناسی

4۔ دیے گئے جملوں میں مناسب جگہ پر ختمہ اور سکتہ کا استعمال کریں۔

☆باجی نے ہمیں اچھی سچّی اور دِل چسپ کہانیاں سنائیں

☆توحید نماز روزہ زکوۃ اور حج دینِ اسلام کے ارکان ہیں

دن:________ تاریخ:________

☆میرے پاس کتاب کاپی قلم اور پنسل تراش ہے

☆چڑیا گھر میں ہرن ہاتھی زرافہ اور اُونٹ بھی تھا

5۔ مناسب حروفِ جار کا استعمال کرتے ہوئے خالی جگہ پُر کریں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| پر | تک | باہر | کے | میں | سے |

بھائی جان بازار________آئے۔ ان________ہاتھ________ایک تھیلا تھا۔ انھوں نے وہ تھیلا میز________رکھا اور کمرے سے________چلے گئے۔ انھوں نے بتایا کہ بازار سے گھر________بہت رش تھا۔

6۔ دیے گئے واحد الفاظ کے جمع اور جمع الفاظ کے واحد لکھیں۔

| واحد | جمع |
|---|---|
| رسّی | ________ |
| ________ | اخبارات |
| لکڑی | ________ |
| ________ | حیوانات |
| ________ | تجربات |
| کنگھی | ________ |

Progressive Education Network

## ☆لکھنا

7۔ دیے گئے اشعار کی نثر لکھیں۔

تم پیڑ اُگانا کہ یہ صدقہ ہے عزیزم!
اِس کام کی برکت سے بڑا نام کرو گے
اِک روز میرے بیٹے اِسی پیڑ سبب تم
پھل کھا سکو گے، سائے میں آرام کرو گے

دن:__________ تاریخ:__________

نثر:

8۔ اللہ تعالیٰ کی عطا کی ہوئی پانچ نعمتوں کے نام اور ان کی ضرورت و اہمیت کے بارے میں لکھیں۔

دن:————— تاریخ:—————

سبق 7

# ہوا چلی

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ جان سکیں گے کہ اللہ تعالیٰ کی بہت ساری نعمتوں میں سے ہوا بھی ایک نعمت ہے۔ ہوا کی غیر موجودگی میں کوئی جان دار زندہ نہیں رہ سکتا۔ اس کے ساتھ ساتھ طلبہ استحسانی اور تنقیدی گفت گو کر سکیں گے۔ متن کو سمجھ کر معنی اخذ کر سکیں گے۔ سابقے اور لاحقے کی مدد سے نئے الفاظ بنا سکیں گے۔ کسی عنوان پر دس سے پندرہ جملے لکھ سکیں گے۔ نظم میں دیے گئے فطری مناظر پر اپنے جذبات اور احساسات کا اظہار کر سکیں گے۔

## ☆ نئے الفاظ:

1۔ دیے گئے الفاظ کے معانی سمجھیں اور لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| بندگی | | چمن | |
| سدا | | لچکنا | |
| اُڑان | | دھیمی | |
| چوپایہ | | شگوفے | |

## ☆ آپ نے کیا سمجھا؟

Progressive Education Network

2۔ کالم: الف کو کالم: ب سے ملا کر مصرعے مکمل کریں۔

| کالم: الف |
|---|
| لہرا دیا کھیت کو |
| سرسبز ہوں درخت |
| بندوں کو چاہیے کہ |
| چڑیوں کو یہ اُڑان کی |
| تیرے ہی دم قدم سے |

| کالم: ب |
|---|
| کریں بندگی ادا |
| طاقت کہاں رہے |
| ہلتی ہیں بالیاں |
| ہے بھاتی چمن کی سیر |
| نہ باغوں میں تجھ بغیر |

دن:________ تاریخ:________

3۔ دیے گئے حروف کو جوڑ کر الفاظ بنائیں اور ان الفاظ سے متعلقہ مصرعے لکھیں۔

| حروف | الفاظ | مصرع |
|---|---|---|
| ل۔چ۔ک۔ت۔ی | | |
| ش۔گ۔و۔ف۔ے | | |
| س۔ب۔ز۔ہ | | |
| چ۔و۔پ۔ا۔ی۔ہ | | |
| دھ۔ی۔م۔ی | | |

4۔ دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف) پرندے اپنی اُڑان کیسے بھرتے ہیں؟

________

________

(الف) اس نظم کا مرکزی خیال تحریر کریں۔

________

________

(الف) نظم کے چوتھے شعر کو خوش خط لکھ کر اس کی نثر بنائیں۔

________

________

________

________

Progressive Education Network

دن:________ تاریخ:________

(الف) ہمیں کس کی بندگی کرنی چاہیے اور کیوں؟

(الف) اپنے اردگرد کا جائزہ لیں اور چار ایسی نعمتوں کے بارے میں لکھیں جن کے بغیر زندہ رہنا ممکن ہے۔

## ☆مل کر کریں بات

5۔ نظم میں موجود قدرتی مناظر کو اپنے الفاظ میں بیان کریں۔

## ☆لفظوں کا کھیل

6۔ مثال کے مطابق دیے گئے الفاظ کے گروہی الفاظ لکھیں۔

Progressive Education Network

| الفاظ | گروہی الفاظ |
|---|---|
| برسات | گھٹا، بادل، گرج، بارش، پکوان |
| چمن | |
| تہوار | |
| کھیل | |
| بازار | |
| فلک | |

دن:__________ تاریخ:__________

## ☆قواعد سیکھیں

سابقے: دیے گئے الفاظ غور سے پڑھیں۔

نا ممکن | نالائق | نا مکمل

ایسے حروف یا الفاظ جو کسی لفظ سے پہلے لگائے جائیں اور اس لفظ کے معنی میں تبدیلی پیدا کر دیں، "سابقے" کہلاتے ہیں۔ جیسے ناممکن، نامکمل، نالائق میں "نا" سابقہ ہے۔

لاحقے: دیے ہوئے الفاظ غور سے پڑھیں۔

خوف ناک | دردناک | افسوس ناک

ایسے حروف یا الفاظ جو کسی لفظ کے بعد لگائے جائیں اور اس لفظ کے معنی میں تبدیلی پیدا کر دیں، "لاحقے" کہلاتے ہیں۔ جیسے دردناک، خوف ناک، افسوس ناک میں "ناک" لاحقہ ہے۔

7۔ دیے ہوئے الفاظ کے دو، دو سابقے اور لاحقے لکھیں۔

| سابقے | الفاظ | |
|---|---|---|
| اَن | | |
| کم | | |
| سر | | |

| لاحقے | الفاظ | |
|---|---|---|
| ناک | | |
| نواز | | |
| کار | | |

## ☆پڑھیں

8۔ دیے گئے اشعار درست تلفظ، لے اور آہنگ سے پڑھیں۔ بعد ازاں ان کا مرکزی خیال اپنے الفاظ میں بتائیں۔

کیسے اللہ نے بنائے رات دِن
کیسی حکمت سے سجائے دِن
دِن ہوا تو لوگ سارے جاگ اُٹھے
رات آئی چاند تارے جاگ اُٹھے
دِن ہوا سب کام کرنے لگ گئے
شب ہوئی آرام کرنے لگ گئے

(صوفی غلام مصطفیٰ تبسم)

## ☆کچھ نیا لکھیں

9۔ پانی کی ضرورت اور اہمیت پر مبنی دس جملوں کے دو پیرا گراف لکھیں۔

دن:__________ تاریخ:__________

سبق 8

# میری پہچان ہے تُو

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ جان سکیں گے کہ ہر قوم کا ایک ترانہ ہوتا ہے جو اس کی شناخت ہوتا ہے۔ قومی ترانہ سنتے ہوئے احتراماً کھڑے ہو جانا چاہیے۔ اور ہمارا قومی ترانہ معروف شاعر حفیظ جالندھری نے لکھا۔ اس کے ساتھ ساتھ طلبہ گفت گو کے دوران مرکب جملوں کا استعمال کر سکیں گے۔ پہیلیوں کو پڑھتے ہوئے ان میں پوشیدہ دانش سمجھ سکیں گے۔ سکول کے سربراہ کے نام درخواست لکھ سکیں گے۔ علامتِ فاعل "نے" اور علامتِ مفعول "کو" کا صحیح استعمال کر سکیں گے۔

## ☆ نئے الفاظ:

1۔ دیے گئے الفاظ کے معانی سمجھیں اور لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| راہ نُمائی | | گردِش | |
| قُوّت | | بیدار | |
| عزم | | نوید | |
| شاداب | | کشور | |

## ☆ آپ نے کیا سمجھا؟

2۔ سبق کی مدد سے کالم: الف میں دیے گئے الفاظ کے بارے میں متعلقہ معلومات کالم: ب میں لکھیں۔

| کالم: الف | کالم: ب |
|---|---|
| مُخمّس | |
| ۱۳/ اگست ۱۹۵۴ء | |
| حفیظ جالندھری | |
| ایک منٹ بیس سیکنڈ | |
| احمد غلام علی چھاگلا | |

دن:__________ تاریخ:__________

3۔ سبق کے مطابق درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ☆ قومی ترانہ قوم کو کرتا ہے: | | | |
| ا۔ ہوشیار | ب۔ بیدار | ج۔ خبردار | د۔ تیار |
| ☆ ہمارے قومی ترانے کے بند شروع ہوتے ہیں حرف: | | | |
| ا۔ "ت" سے | ب۔ "ب" سے | ج۔ "پ" سے | د۔ "ث" سے |
| ☆ لفظ "شاد" کا مطلب ہے: | | | |
| ا۔ پریشان | ب۔ غمگین | ج۔ اُداس | د۔ خوش |
| ☆ برصغیر میں ایک الگ اسلامی مملکت کے قیام کی خواہش تھی: | | | |
| ا۔ انگریزوں کی | ب۔ مسلمانوں کی | ج۔ سِکھوں کی | د۔ عیسائیوں کی |

4۔ دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف) قومی ترانے کے پہلے بند کا مفہوم لکھیں۔

______________________________

______________________________

Progressive Education Network

(الف) "پاک سرزمین کا نظام قوّتِ اخوّتِ عوام" کا کیا مطلب ہے؟

______________________________

______________________________

(الف) قومی ترانہ کیسے کسی قوم کی اُمنگوں کا ترجمان ہوتا ہے؟

______________________________

______________________________

دن:__________ تاریخ:__________

(الف) پاکستان کے قومی ترانے کے شاعر اور موسیقار کا نام لکھیں۔

______________________________

______________________________

(الف) کسی بھی ملک کی شناخت کن چیزوں سے ہوتی ہے؟ تین کے بارے میں بتائیں۔

______________________________

______________________________

______________________________

## ☆مل کر کریں بات

5۔ پاکستانی قومی ترانے کا مفہوم اپنے الفاظ میں بتائیں۔

______________________________

______________________________

______________________________

## ☆لفظوں کا کھیل

Progressive Education Network

6۔ خالی جگہ میں مناسب حرف لکھ کر لفظ بنائیں اور لغت میں سے ان کے معانی تلاش کر کے لکھیں۔ (ی، ق، ف، ب، ت)

| حروف | الفاظ | معانی |
|---|---|---|
| ع ـــــ ی دت | | |
| ش گ ـــــ ت ہ | | |
| م ح ب ـــــ ت | | |
| گ ف ـــــ گ و | | |
| ل ز ـــــ ذ | | |

دن:__________ تاریخ:__________

## ☆قواعد سیکھیں

7۔دیے گئے الفاظ کے اعراب کو مدِ نظر رکھتے ہوئے اس طرح جملے بنائیں کہ ان کی وضاحت ہو جائے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| دَل | گُل | تِیر | کَشتی | مَلک |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| دِل | گِل | تَیر | کُشتی | مُلک |

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

Progressive Education Network

دن:__________ تاریخ:__________

دیے گئے جملے غور سے پڑھیں۔

فرح نے طوطے کو چوری ڈالی۔

اُوپر دیے گئے جملے میں "نے" اور "کو" کو خط کشید کیا گیا ہے۔ "نے" بطور علامتِ فاعل اور "کو" بطور علامتِ مفعول استعمال ہوا ہے۔ علامتِ فاعل "نے" بتاتی ہے کہ فرح فاعل ہے اور علامتِ مفعول "کو" بتاتی ہے کہ طوطا مفعول ہے۔

8۔ علامتِ فاعل "نے" اور علامتِ مفعول "کو" کا استعمال کرتے ہوئے جملے مکمل کریں۔

| | |
|---|---|
| احمد ______ جاذب ______ سلام کیا۔ | شازیہ ______ الماری ______ کھولا۔ |
| ماریہ ______ سبق یاد کیا۔ | رضا ______ باجی ______ پھل پکڑائے۔ |
| شاگرد ______ استاد ______ نظم سنائی۔ | عادل ______ اپنی کتاب ______ کھولا۔ |

## ☆ پڑھیں

9۔ دی گئی پہیلیاں درست تلفظ اور روانی سے پڑھیں۔ بعد ازاں انھیں بوجھیں اور جواب دیں۔

1۔ منھ کھولا کیا شکل بنائی
شُکر کیا وہ جب بھی آئی

2۔ چُپکا بیٹھا بور کرے
تھپڑ مارو شور کرے

3۔ شیشے کا ہے ایک مکان
اندر لوہے کا سامان

4۔ دیکھی ہم نے ایک مشین
کھانے پینے کی شوقین
جب چاہو وہ کھولے پیٹ
اس میں لے ہر چیز سمیٹ

5۔ تن کی پتلی سر کی موٹی
ہلکی پھلکی قد کی چھوٹی
سر پٹخے اور طیش میں آئے
اُگلے شعلہ آگ لگائے

6۔ ایک گھر کے دو ہیں لڑکے
روزانہ دکھاتے کھیل
کبھی نہ اُن کو لڑتے دیکھا
ایسا اُن کا میل

دن:________ تاریخ:________

## ☆کچھ نیا لکھیں

10۔ سکول لائبریری میں مزید کتابوں کے لیے اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس کے نام درخواست لکھیں۔

بخدمت جناب ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس گورنمنٹ پرائمری سکول________________

عنوان:________________

جناب عالی! / جناب عالیہ!

نہایت ادب سے گُزارش ہے کہ________________

________________

________________

________________

________________

عین نوازش ہو گی۔

درخواست گزار

________

جماعت پنجم

رول نمبر____

____-________۲۰۲۲ء

## ☆آؤ کریں کام

11۔ ایک چارٹ پر قومی پرچم بنا کر قومی ترانہ خوش خط لکھیں اور کمرہ جماعت میں آویزاں کریں۔

Progressive Education Network

دن:________ تاریخ:________

سبق 9

# پیشے

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ جان سکیں گے کہ مختلف افراد مختلف پیشے اختیار کرتے ہیں اور ہر وہ پیشہ یا کام جو باعزت طور پر رزقِ حلال کمانے کا ذریعہ ہو قابلِ احترام ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ طلبہ نثر پڑھ کر اس کے کرداروں کے بارے میں اپنی رائے قائم کر سکیں گے۔ اشارات اور تصاویر کی مدد سے کہانی لکھ سکیں گے۔ فعل سے فاعل بنا سکیں گے۔ تذکیر و تانیث (جان دار) کے مطابق افعال کو جملوں میں استعمال کر سکیں گے۔ چھوٹے اور بڑے گروہ میں کسی موضوع / صورتِ حال پر دیا گیا کردار ادا کر سکیں گے۔

## ☆ نئے الفاظ:

1۔ دیے گئے الفاظ کے معانی سمجھیں اور لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| فرائض | | ملّاح | |
| جوش و خروش | | زرِ مبادلہ | |
| لطف اندوز | | مُنسلک | |
| شاداب | | عہد | |

## ☆ آپ نے کیا سمجھا؟

Progressive Education Network

2۔ کالم: الف کو کالم: ب سے ملائیں۔

| کالم: الف |
|---|
| کان کُن |
| موچی |
| بڑھئی |
| ہوا باز |
| قصّاب |

| کالم: ب |
|---|
| گوشت بیچتا ہے۔ |
| ہوائی جہاز اُڑاتا ہے۔ |
| زمین سے قیمتی اشیا نکالتا ہے۔ |
| لکڑی سے فرنیچر بناتا ہے۔ |
| جوتے مرمت کرتا ہے۔ |

دن:__________ تاریخ:__________

3۔ سبق کے مطابق درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ☆ استاد صاحب نے بچوں کے گروہ بنائے: | | | |
| ا۔ دو | ب۔ تین | ج۔ چار | د۔ پانچ |
| ☆ ہر پیشے کے لیے ایک جیسی درکار نہیں ہوتی: | | | |
| ا۔ ہمت | ب۔ عمر | ج۔ طاقت | د۔ قابلیت |
| ☆ ہمارے ملک کے لوگوں کی ایک بڑی تعداد کا انحصار ہے: | | | |
| ا۔ کھیتی باڑی پر | ب۔ دُکان داری پر | ج۔ راج مزدوری پر | د۔ درس و تدریس پر |
| ☆ زرعی زمینوں سے زیادہ پیداوار حاصل کی جا سکتی ہے: | | | |
| ا۔ کسانوں اور ادویات کی مدد سے | ب۔ کھادوں اور مشینوں کی مدد سے | ج۔ ادویات اور کھادوں کی وجہ سے | د۔ مشینوں اور کسانوں کی مدد سے |
| ☆ ریستوران، ہوٹل اور کیفے کا کام ہوتا ہے: | | | |
| ا۔ پڑھنے لکھنے کا | ب۔ کھیتی باڑی کا | ج۔ علاج معالجے کا | د۔ کھانے پینے کا |

4۔ دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف) کسی بھی پیشے یا ہنر کو اپنانا کیوں ضروری ہے؟

______________________________

______________________________

Progressive Education Network

(ب) ملّاح یا ماہی گیر کہاں اور کیا کام کرتے ہیں؟

______________________________

______________________________

(ج) کسی عمارت کی تعمیر کے لیے کن لوگوں کی ضرورت پیش آتی ہے؟

______________________________

______________________________

دن:________ تاریخ:________

(د) زرعی ماہرین کا کیا کام ہے؟

________________________________________

________________________________________

(ہ) گھر سے سکول آتے ہوئے آپ نے کن پیشوں سے وابستہ افراد کو دیکھا؟ کوئی سے دو کے بارے میں بتائیں۔

________________________________________

________________________________________

## ☆مل کر کریں بات

5۔ مختلف پیشوں سے وابستہ افراد کے بارے میں تین تین جملے بنائیں جن سے ان کی اہمیت واضح ہو سکے۔





| | | |
|---|---|---|
| | | |
| | | |
| | | |





| | | |
|---|---|---|
| | | |
| | | |
| | | |

Progressive Education Network

دن:———— تاریخ:————

## ☆لفظوں کا کھیل

6۔مثال کے مطابق خالی جگہ میں مناسب حرف لکھ کر پیشے کا نام مکمل کریں۔بعد ازاں انھیں الف بائی ترتیب میں لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| در——ی | و——ی ل | م ا——ی |
| ف——ج ی | ح——  ——ام | ——س ان |

| | | |
|---|---|---|
| ا۔ | ۲۔ | ۳۔ |
| ۴۔ | ۵۔ | ۶۔ |

## ☆قواعد سیکھیں

7۔مثال کے مطابق دیے گئے افعال سے فاعل بنائیں۔

| افعال | فاعل |
|---|---|
| لکھتا | لکھاری / لکھنے والا |
| کھیلتا | |
| دھوتا | |

| افعال | فاعل |
|---|---|
| خریدتا | |
| گاتا | |
| تیرتا | |

8۔خط کشیدہ الفاظ کی تذکیر و تانیث کو مد نظر رکھتے ہوئے مختلف فعل لکھ کر جملے مکمل کریں۔

| | |
|---|---|
| ☆ثنا تیزی سے————اور مقابلہ جیت لیا۔ | ☆صارم صبح سویرے————اور باغ میں سیر کو چلا گیا۔ |
| ☆شیر زور سے————تو سب جانور ڈر کے مارے اپنی اپنی جگہوں پر دُبک گئے۔ | |
| ☆امّی جان مزے دار کھانے————ہیں۔ | ☆راشد روز ورزش————ہے۔ |
| ☆بلّی دیوار سے صحن میں————اور چوزہ لے اُڑی۔ | |

دن:__________ تاریخ:__________

## ☆پڑھیں

9۔ دیا گیا پیراگراف درست تلفظ اور روانی سے پڑھیں اور پوچھے گئے سوالات کے جوابات دیں۔

ہزاروں سال پہلے انسان جنگلوں میں رہتا تھا۔ وہ اپنی ضروریات پوری کرنے کے لیے جانوروں کا شکار کرتا، قدرتی پیداوار اور پھلوں پر گزراوقات کرتا اور غاروں میں پناہ لیتا۔ یہ زندگی مصائب اور خطرات سے بھری ہوئی تھی۔ انسان نے زندگی کو آسان اور محفوظ بنانے کے لیے مل جُل کر رہنے میں عافیت جانی۔ اس نے بستیاں بسائیں، مکان بنائے اور کھیتی باڑی شروع کی۔ آہستہ آہستہ آبادی بڑھنے لگی تو ضروریات میں بھی اضافہ ہونے لگا۔ ایک فرد کے لیے ہر قسم کے کام کرنا ممکن نہ تھا۔ انسان نے اپنی سہولت کی خاطر کام تقسیم کر لیے۔ کسی نے غذا کی ضروریات پوری کرنے کا کام سنبھالا، تو کسی نے کپڑا مہیّا کرنے کا کام اپنے ذمّے لے لیا۔ یوں مختلف افراد مختلف کاموں سے وابستہ ہونے لگے۔ یہ کام پیشے کہلائے۔

سوالات:

| |
|---|
| ☆ہزاروں سال پہلے انسان اپنی ضروریات کیسے پوری کرتا تھا؟ |
| ج) |
| ☆انسان نے زندگی کو آسان اور محفوظ بنانے کے لیے کیا طریقہ اپنایا؟ |
| ج) |
| ☆آبادی بڑھنے سے کیا ہوا؟ |
| ج) |
| ☆پیشہ کسے کہتے ہیں؟ |
| ج) |

دن:________ تاریخ:________

## ☆کچھ نیا لکھیں

10۔ دی گئی تصویریں غور سے دیکھیں اور ان سے متعلق ایک دل چسپ کہانی خود سے بنا کر لکھیں۔



Progressive Education Network

دن:__________ تاریخ:__________

سبق 10

# ایک گائے اور بکری

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ جان سکیں گے کہ ہر حال میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہیے۔ اس کی عطا کی ہوئی نعمتوں پہ خوش ہونا چاہیے۔ اس کے ساتھ ساتھ طلبہ سُنی ہوئی چیزوں کی تفہیم کر کے بتا سکیں گے۔ نظم پڑھ کر اس کے کرداروں کے بارے میں اپنی رائے قائم کر سکیں گے۔ شعر یا نظم پڑھ کر اس کا مفہوم تحریر کر سکیں گے۔ واحد کو جمع میں تبدیل کر کے بتا / لکھ سکیں گے۔ غلط فقرات کو درست کر سکیں گے۔

## ☆نئے الفاظ:

1۔ دیے گئے الفاظ کے معانی سمجھیں اور لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| دُہائی | | ماجرا | |
| مِزاج | | بے مزا | |
| زیبا نہیں | | بے زباں | |
| چراگاہ | | پالا پڑنا | |

## ☆آپ نے کیا سمجھا؟

Progressive Education Network

2۔ کالم: الف کو کالم: ب سے ملا کر شعر مکمل کریں۔

| کالم: الف | کالم: ب |
|---|---|
| کیا سماں اس بہار کا ہو بیاں | میرے اللہ! تیری دہائی |
| کٹ رہی ہے بری بھلی اپنی | آدمی کے گلے سے پچھتائی |
| بدلے نیکی کے یہ بُرائی ہے | میں کہوں گی مگر خدا لگتی |
| بات سچی ہے بے مزا لگتی | ہر طرف صاف ندیاں تھیں رواں |
| گائے سن کر یہ بات شرمائی | ہے مصیبت میں زندگی اپنی |

دن:______ تاریخ:______

3۔ نظم کے مطابق درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

☆ بکری اور گائے کی بات چیت ہوئی:

| | | | |
|---|---|---|---|
| ا۔ آبشار کے پاس | ب۔ دریا کے پاس | ج۔ جھرنے کے پاس | د۔ ندی کے پاس |

☆ بکری نے گائے کو دیکھتے ہی سب سے پہلے اسے کیا:

| | | | |
|---|---|---|---|
| ا۔ اشارہ | ب۔ آگاہ | ج۔ سلام | د۔ نظر انداز |

☆ گائے کہنے لگی آدمی سے کوئی نہ کرے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| ا۔ بُرا | ب۔ بھلا | ج۔ گلِہ | د۔ شِکوہ |

☆ بکری نے گائے کا گلِہ سن کر اسے جتایا انسان کا:

| | | | |
|---|---|---|---|
| ا۔ احسان | ب۔ انصاف | ج۔ بڑاپن | د۔ ناشُکرا ہونا |

☆ اس نظم کے شاعر کا نام ہے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| ا۔ سید ضمیر جعفری | ب۔ صوفی غلام مصطفیٰ تبسم | ج۔ علاّمہ اقبالؒ | د۔ حفیظ جالندھری |

4۔ دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف) نظم میں بیان کیا گیا چراگاہ کا منظر اپنے الفاظ میں لکھیں۔

______

______

(ب) گائے نے انسان پر اپنے کون سے احسان جتائے؟

______

______

(ج) "یہ مزے آدمی کے دم سے ہیں" سے بکری کی کیا مراد ہے؟

______

______



Progressive Education Network

دن:__________ تاریخ:__________

(د) بکری کی بات سن کر آخر کار گائے کو کیا کہنا پڑا؟

---

---

(ہ)اس نظم سے ہمیں کیا سبق حاصل ہوا؟

---

---

## ☆مل کر کریں بات

5۔ نظم میں دیے گئے کرداروں کے بارے میں بات کریں۔ آپ کو کس کا کردار پسند آیا؟ وجہ بھی بتائیں۔

---

---

---

---

## ☆لفظوں کا کھیل

Progressive Education Network

6۔ حروف کی ترتیب درست کر کے جانوروں کے نام تلاش کریں۔ دی گئی جگہ پر ان کے نام اور ان سے حاصل کیے جانے والے فائدے لکھیں۔

| حروف | جانور کا نام | فائدے |
|---|---|---|
| ل۔ے۔ب | | |
| ے۔بھ۔ڑ | | |
| دھ۔گ۔ا | | |
| ڑ۔و۔گھ۔ا | | |

دن:________ تاریخ:________

## ☆قواعد سیکھیں

7۔جملوں کے سامنے دیے گئے واحد الفاظ کی جمع بنا کر جملے مکمل کریں۔

| | |
|---|---|
| ☆حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا________کی ماں ہیں | (مومن) |
| ☆میں نے________کو پانی پلایا۔ | (زائر) |
| ☆ہمیں ملکی________کی پابندی کرنی چاہیے۔ | (قانون) |
| ☆لیڈر نے________سے خطاب کیا۔ | (حاضر) |
| ☆جماعت پنجم میں سات سے آٹھ________پڑھائے جاتے ہیں۔ | (مضمون) |

| دیے گئے جملے غور سے پڑھیں۔ | | ان جملوں کی درست صورت یہ ہو گی۔ |
|---|---|---|
| ▪ میری قمر میں درد ہے۔ | (املا کی غلطی) | ▪ میری کمر میں درد ہے۔ |
| ▪ میں نے جبلِ اُحد کا پہاڑ دیکھا۔ | (زائد الفاظ کی غلطی) | ▪ میں نے اُحد کا پہاڑ دیکھا۔ |
| ▪ آج اِتوار کا دن ہے۔ | (روزمرہ کی غلطی) | ▪ آج اتوار ہے۔ |
| ▪ تمام موم بتّی روشن تھیں۔ | (واحد جمع کی غلطی) | ▪ تمام موم بتّیاں روشن تھیں۔ |
| ▪ اس لفظ کی املا غلط ہے۔ | (تذکیر و تانیث کی غلطی) | ▪ اس لفظ کا املا غلط ہے۔ |

8۔دیے گئے غلط جملوں کو درست کر کے دوبارہ لکھیں۔

Progressive Education Network

| غلط جملے | درست جملے |
|---|---|
| شاگرد نے استاد سے ارض کی۔ | |
| راوی آج کل خشک ہوتی جا رہی ہے۔ | |
| یہاں ہر امراض کا علاج کیا جاتا ہے۔ | |
| جناب پرنسپل صاحب تشریف لائے۔ | |

دن:__________                                        تاریخ:__________

## ☆پڑھیں

9۔ دیے گئے اشعار درست تلفظ اور روانی سے پڑھیں۔ بعد ازاں بتائیں کہ ان اشعار میں کیا نصیحت کی گئی ہے؟

لڑنا بھڑنا کام بُرا ہے    لڑنے کا انجام بُرا ہے
آپس میں مل جُل کر رہنا    جھوٹی بات نہ منھ سے کہنا
اپنے بڑوں کا کہنا مانو    دل سے اُن کو اچھا جانو
جس کو مصیبت میں تم پاؤ    اُس کی ہنسی ہرگز نہ اُڑاؤ
(حامد حسن)

## ☆کچھ نیا لکھیں

10۔ دیے گئے شعر کا مفہوم لکھیں۔

میرے اللہ! برائی سے بچانا مجھ کو
نیک جو راہ ہو، اس راہ پہ چلانا مجھ کو

## ☆آؤ کریں کام

11۔ نظم "گائے اور بکری" کو کرداری مکالمے کی صورت میں کمرہ جماعت میں پیش کریں۔

دن:__________ تاریخ:__________

سبق 11

# حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ جان سکیں گے کہ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ خُوب سخاوت کیا کرتے تھے۔ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو "ذُوالنورین" بھی کہتے ہیں۔ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دُنیا میں ہی جنّت کی بشارت دے دی گئی۔ اس کے ساتھ ساتھ طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ عام موضوعات پر دو منٹ تک روانی اور درست لب و لہجے سے تقریر کر سکیں گے۔ عددی ترتیب (اٹھارواں، اٹھارویں، اُنیسواں، انیسویں وغیرہ) جملوں میں استعمال کر سکیں گے۔ جملوں کو زمانہ ماضی، حال اور مستقبل کے لحاظ سے تبدیل کر سکیں گے۔ مترادف اور متضاد کے فرق کو سمجھ سکیں گے۔

## ☆ نئے الفاظ:

1۔ دیے گئے الفاظ کے معانی سمجھیں اور لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| توسیع | | دام | |
| سخی | | قحط | |
| ذُوالنّورین | | نفع | |
| کھارا | | وقف | |

Progressive Education Network

## ☆ آپ نے کیا سمجھا؟

2۔ سبق کے مطابق درست لفظ لکھ کر خالی جگہ مکمل کریں۔

- ایک بار مدینہ منوّرہ میں سخت__________پڑا۔
- حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ__________میں پیدا ہوئے۔
- حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا تعلق قبیلہ قریش کی ایک شاخ__________سے تھا۔
- صرف ایک__________ایسا قبیلہ تھا جس کا پانی پینے کے قابل تھا۔
- حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ نے__________برس کی عمر میں وفات پائی۔

دن:__________ تاریخ:__________

3۔ نظم کے مطابق درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

☆ قافلے میں غلّے سے لدے ہوئے اُونٹوں کی تعداد تھی:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ا۔ | دو ہزار | ب۔ | ایک ہزار | ج۔ | تین ہزار | د۔ | چار ہزار |

☆ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ خلیفہ رہے تقریباً:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ا۔ | دس سال | ب۔ | گیارہ سال | ج۔ | بارہ سال | د۔ | تیرہ سال |

☆ اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ ایک نیکی کے بدلے میں ثواب ملے گا:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ا۔ | پندرہ نیکیوں کا | ب۔ | بیس نیکیوں کا | ج۔ | پانچ نیکیوں کا | د۔ | دس نیکیوں کا |

☆ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کُوفہ میں عظیم الشان مقرر کیے:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ا۔ | قاضی | ب۔ | گورنر | ج۔ | وزیر | د۔ | سفیر |

☆ جنّت البقیع قریب ہے:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ا۔ | مسجد بلال کے | ب۔ | مسجد نبوی کے | ج۔ | مسجد قُبا کے | د۔ | مسجد غمامہ کے |

4۔ دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف) مدینہ منوّرہ کے تاجر غلّے کو کیوں خریدنا چاہتے تھے؟

______________________________

______________________________

(ب) حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے غلّہ لوگوں میں مفت کیوں تقسیم کیا؟

______________________________

______________________________

(ج) حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو "ذوالنّورین" کیوں کہا جاتا ہے؟

______________________________

______________________________

دن:_______ تاریخ:_______

(د) عشرہ مبشّرہ سے کون لوگ مراد ہیں؟

_______________________________________

_______________________________________

(ہ) سبق میں دیے گئے کاموں کے علاوہ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے دورِ حکومت میں کون سے کام کروائے؟

_______________________________________

_______________________________________

## ☆مل کر کریں بات

5۔ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے کنواں خرید کر مسلمانوں کے لیے وقف کر دینے کا واقعہ اپنے الفاظ میں لکھیں۔

_______________________________________

_______________________________________

_______________________________________

_______________________________________

## ☆لفظوں کا کھیل

Progressive Education Network

6۔ اعراب کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے الفاظ کے معانی لغت میں سے تلاش کریں اور جملے بنائیں۔

| الفاظ | معانی | جملے |
|---|---|---|
| عالَم | ______ | ______ |
| عالِم | ______ | ______ |
| اُنس | ______ | ______ |
| اَنس | ______ | ______ |

دن:______ تاریخ:______

| | | |
|---|---|---|
| دَور | ______ | ______ |
| دُور | ______ | ______ |
| سَحر | ______ | ______ |
| سِحر | ______ | ______ |
| مُخاطِب | ______ | ______ |
| مُخاَطب | ______ | ______ |

## ☆قواعد سیکھیں

7۔دیے گئے فعل حال کے جملوں کو فعل ماضی اور فعل مستقبل میں تبدیل کر کے لکھیں۔

| فعل حال | فعل ماضی | فعل مستقبل |
|---|---|---|
| احمد نماز ادا کرتا ہے۔ | | |
| میں سبق یاد کرتا ہوں۔ | | |
| تاجر غلّہ بیچتا ہے۔ | | |
| سخی خیرات بانٹتا ہے۔ | | |
| مالی پودوں کو پانی دیتا ہے۔ | | |

8۔جملوں کے سامنے دیے گئے الفاظ کے متضاد لکھ کر خالی جگہ پُر کریں۔

| | |
|---|---|
| حامِد ایک______شخص ہے۔ | (کنجوس) |
| کُنویں کا پانی______تھا۔ | (نمکین) |
| ہمیشہ______کا ساتھ دینا چاہیے۔ | (باطل) |
| آج مجلس میں بہت______تھا۔ | (خاموشی) |
| یہ دُنیا ایک______ٹِھکانا ہے۔ | (مستقل) |

## ☆پڑھیں

9۔ دیا گیا پیراگراف درست تلفظ اور روانی سے پڑھیں اور اس کا خلاصہ سنائیں۔

حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ مسلمانوں کے پہلے خلیفہ تھے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہمارے رسول پاک ﷺ کے سب سے پیارے دوست اور ساتھی تھے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا شمار ان چار خوش نصیبوں میں ہوتا ہے جو رسول اکرم ﷺ پر سب سے پہلے ایمان لائے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سادہ اور معمولی لیکن صاف ستھرا لباس پہنتے تھے۔ خوراک بھی بہت سادہ تھی۔ خوش حال تھے لیکن اپنا مال دل کھول کر نیکی کے کاموں میں خرچ کرتے تھے۔ اس لیے ہجرت کے بعد کبھی کبھار فاقہ بھی کرنا پڑ جاتا تھا۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی پیاری بیٹی حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا رسولِ پاک ﷺ کی زوجہ تھیں۔

حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سچے اور کھرے انسان تھے۔ انھوں نے ہمیشہ اور ہر موقع پر گواہی دی اور تصدیق کی کہ رسولِ پاک ﷺ اللہ تعالیٰ کے سچے رسول ہیں۔ اسی لیے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو "صدیق" کا لقب ملا۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی جان اور اپنا مال رسولِ اکرم ﷺ پر ہر وقت قربان کرنے کے لیے تیار رہتے تھے۔ انھوں نے اللہ تعالیٰ کے راستے میں بہت مال خرچ کیا اور بہت مصیبتیں بھی جھیلیں۔ نو ہجری میں غزوۂ تبوک کے موقع پر آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی دولت، کپڑے، سامان وغیرہ سب کچھ رسولِ اکرم ﷺ کی خدمت میں پیش کر دیا۔ حضور ﷺ نے پوچھا: "ابو بکر! بال بچوں کے لیے کیا چھوڑا؟" انھوں نے عرض کیا: "ان کے لیے اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول ﷺ ہی کافی ہیں" آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا انتقال ۶۳ برس کی عمر میں ہوا۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو نبی کریم ﷺ کے پہلو میں دفنایا گیا۔

## ☆کچھ نیا لکھیں

Progressive Education Network

10۔ اپنے دوست کے نام خط لکھیں اور اپنی پسندیدہ شخصیت کے بارے میں بتائیں۔

دن:۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تاریخ:۔۔۔۔۔۔۔۔۔

11۔ مثال کے مطابق ہندسی گنتی کو مدنظر رکھتے ہوئے عددی ترتیب لکھیں اور اس عددی ترتیب کے جملے بنائیں۔

| ہندسی گنتی | عددی | جملے |
|---|---|---|
| ۱۱ | گیارھواں | گلی میں گیارھواں گھر عبداللہ کا ہے۔ |
| | گیارھویں | وہ امتحان میں گیارھویں نمبر پر آیا۔ |
| ۱۲ | | |
| | | |
| ۱۳ | | |
| | | |
| ۱۴ | | |
| | | |

Progressive Educatio

| | | |
|---|---|---|
| ۱۵ | | |
| | | |
| ۱۶ | | |
| | | |
| ۱۷ | | |
| | | |
| ۱۸ | | |
| | | |
| ۱۹ | | |
| | | |
| ۲۰ | | |
| | | |

## ☆آؤ کریں کام

12۔ گداگری ایک معاشرتی مسئلہ ہے جسے آپ حل کرنا چاہتے ہیں؟ اس مسئلے کے مختلف پہلوؤں اور اس کے حل کی تجاویز پر مبنی ایک مختصر تقریر کریں۔

Progressive Education Network

13۔ گتّے کے خالی ڈبوں سے ایک گلّہ تیار کریں۔ اپنے جیب خرچ میں سے اس میں رقم ڈالیں اور کسی ضرورت مند کی مدد کریں۔

تاریخ: ــــــــــــــ        دن: ــــــــــــــ

سبق 12

# دُنیا آپ کی مٹھی میں

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ جان سکیں گے کہ انٹرنیٹ موجودہ دور کی اہم ترین ایجاد ہے۔ انٹرنیٹ کی مدد سے بہت سے کام آسان ہو گئے ہیں اور موجودہ دور کو سائنس اور ٹیکنالوجی کا دور کہا جاتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ طلبہ استحسانی و تنقیدی گفت گو کر سکیں گے۔ اخبارات، رسائل و جرائد میں خبریں، اداریے، اشتہارات اور خطوط بنام مدیر وغیرہ روانی سے پڑھ سکیں گے۔ شکریہ اور تمنّائی جملے بنا سکیں گے۔ روز مرّہ زندگی میں بجلی، پانی، گیس کے بلّوں کے مندرجات پڑھ سکیں گے۔ اُردو کے فروغ کے لیے جدید ذرائع ابلاغ (ٹی وی، ٹیبلٹ، کمپیوٹر، لیپ ٹاپ وغیرہ) کا استعمال کر سکیں گے۔

## ☆نئے الفاظ:

1۔ دیے گئے الفاظ کے معانی سمجھیں اور لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| اَنبار | | مُضِر | |
| خیریت | | داد دینا | |
| اِفادیت | | اِستفادہ کرنا | |
| موضوع | | ہُنر | |

## ☆آپ نے کیا سمجھا؟

2۔ سبق کے مطابق درست لفظ لکھ کر خالی جگہ مکمل کریں۔

- موجودہ دور کو سائنس اور ــــــــــــــ کا دور کہا جاتا ہے۔
- انٹرنیٹ ــــــــــــــ ہوا تو کمپیوٹر کی اِفادیت دوچند ہو گئی۔
- ای-میل خط کی ــــــــــــــ شکل ہے۔
- محمد انیق صاحب ــــــــــــــ میں کام کرتے ہیں۔
- دُنیا نے ــــــــــــــ کی شکل اختیار کر لی۔

دن:________ تاریخ:________

3۔ سبق کے مطابق درست بیانات پر (✓) اور غلط بیانات پر (×) کا نشان لگائیں۔

| | |
|---|---|
| انٹرنیٹ نے طالب علموں کے لیے سہولیات پیدا کر دی ہیں۔ | ( ) |
| دنیا بھر کے کمپیوٹر تاروں کے ذریعے سے آپس میں جڑے ہوئے ہیں۔ | ( ) |
| انٹرنیٹ کی بدولت پیغام رسانی کی دنیا میں انقلاب آ گیا ہے۔ | ( ) |
| ملائکہ کو کپڑوں کی سلائی کرنے کا شوق تھا۔ | ( ) |
| انٹرنیٹ کا استعمال بزرگوں میں بھی عام ہوتا جا رہا ہے۔ | ( ) |

4۔ دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف) انٹرنیٹ کی ایجاد سے پیغام رسانی کی دنیا میں کیا انقلاب آیا؟

______________________________

______________________________

(ب) شہریار اور ملائکہ انٹرنیٹ کی مدد سے کیا کام کرتے ہیں؟

______________________________

______________________________

(ج) ایک طالبِ علم کی حیثیت سے ہم انٹرنیٹ سے کیا فائدے حاصل کر سکتے ہیں؟

Progressive Education Network

______________________________

______________________________

(د) انٹرنیٹ نے ہماری زندگی میں کون سی آسانیاں پیدا کی ہیں؟

______________________________

______________________________

دن:________ تاریخ:________

(ہ)انٹرنیٹ استعمال کرتے ہوئے کن باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے؟

## ☆مل کر کریں بات

5۔انٹرنیٹ کے فوائد اور نقصانات کے بارے میں آپس میں بات چیت کریں اور نیچے دی گئی خالی جگہ میں لکھیں۔

## ☆لفظوں کا کھیل

6۔مثال کے مطابق دیے گئے الفاظ کے حروف الگ الگ کریں اور آخری حرف سے کوئی خوبی لکھیں۔

| الفاظ | حروف | خوبی |
|---|---|---|
| تنقید | ت۔ن۔ق۔ی۔د | دیانت دار |
| مُنصف | | |
| قسمت | | |
| مجلس | | |
| تسخیر | | |
| پیشہ | | |

دن:________ تاریخ:________

# ☆قواعد سیکھیں

ماضی شکیہ:

دیے گئے جملے غور سے پڑھیں۔

| | |
|---|---|
| بچے نے دودھ پی لیا ہو گا۔ | ثنا سکول سے آگئی ہو گی۔ |
| زاہد نے ای-میل پڑھ لی ہو گی۔ | ریل گاڑی سٹیشن پر پہنچ چکی ہو گی۔ |

اُوپر دیے گئے جملوں میں الفاظ "پی لیا ہو گا، پڑھ لی ہو گی، آگئی ہو گی، پہنچ چکی ہو گی" ایسے افعال ہیں جو گزرے ہوئے زمانے میں ان کاموں کے کرنے یا ہونے میں شک کو ظاہر کرتے ہیں۔ جیسے یقین سے تعین نہیں کیا جا سکتا کہ بچے نے دودھ پی لیا ہو گا۔ یہی شک جملوں کو شکیہ جملے بناتا ہے۔

7۔مثال کے مطابق سبق میں سے پانچ جملے چُنیں اور انھیں شکیہ جملوں میں تبدیل کر کے لکھیں۔

| |
|---|
| 1۔ |
| 2۔ |
| 3۔ |
| 4۔ |
| 5۔ |

Progressive Educat

## فعل ماضی تمنائی / شرطیہ

دیے گئے جملے غور سے پڑھیں۔

| | |
|---|---|
| کاش مجھے ایک پھر روپیہ پیسہ مل جائے۔ | (تمنائی) |
| اگر وہ محنت کرتا تو ضرور کامیاب ہوتا۔ | (شرطیہ) |
| کاش! میں آپ کی مدد کر سکتا۔ | (تمنائی) |
| اگر آپ نے پوری قیمت ادا کر دی تو یہ گھڑی آپ کو مل جائے گی۔ | (شرطیہ) |

دن:__________ تاریخ:__________

| |
|---|
| **ماضی تمنّائی یا شرطیہ**: دیے گئے جملوں میں کام کا ہونا گزرے ہوئے زمانے میں تمنّا اور شرط کے ساتھ ظاہر کیا گیا ہے۔ جن جملوں کے آغاز میں تمنّائی الفاظ جیسے: "کاش" اور شرطیہ الفاظ جیسے: "اگر" استعمال کیے گئے ہوں، انھیں ماضی تمنائی یا شرطیہ جملے کہتے ہیں۔ |

8۔ کاش یا اگر کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

| | |
|---|---|
| ☆_____ بھائی جان جلدی گھر آجاتے تو ہم سیر کرنے جاتے۔ | ☆_____ میں نے امّی کا کہا مان لیا ہوتا۔ |
| ☆_____ تم سویرے جلدی اٹھتے تو وقت پر سکول پہنچ جاتے۔ | ☆_____ میں بھی دوڑ میں اوّل آ سکتا۔ |
| ☆_____ میں دوبارہ آپ سے مل سکتا۔ | ☆_____ اگر تم نے دھوکا دیا تو سخت نقصان اُٹھاؤ گے۔ |

## ☆پڑھیں

9۔ دی گئی عبارت درست تلفظ، روانی سے پڑھیں اور پوچھے گئے سوالوں کے جوابات لکھیں۔

پیغام، معلومات اور اطلاعات کو زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچانے کے لیے، جو ذرائع استعمال کیے جاتے ہیں، انھیں ذرائع ابلاغ کہتے ہیں۔ مثلاً: اخبار، ریڈیو، رسائل اور انٹرنیٹ، وغیرہ۔ یہ ذرائع لوگوں کو اطلاعات و معلومات پہنچانے کا کام کرتے ہیں۔ ان کی بدولت تعلیم، تفریح اور دیگر معلومات بھی حاصل ہوتی ہیں۔ کسی بھی ملک کے ذرائع ابلاغ اس کی ترقی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ ملک کی معاشی، معاشرتی اور سیاسی صورتِ حال کا اندازہ بھی ذرائع ابلاغ سے لگایا جاتا ہے۔ ذرائع ابلاغ کی دو قسمیں ہیں:

ا۔ پرنٹ میڈیا ۲۔ الیکٹرانک میڈیا

ایسے ذرائع ابلاغ جو معلومات اور اطلاعات کو شائع کر کے لوگوں تک پہنچاتے ہیں "پرنٹ میڈیا" کہلاتے ہیں۔ جیسے: اخبار، رسائل اور جریدے وغیرہ۔

ایسے ذرائع ابلاغ جو برقی لہروں کی مدد سے اطلاعات لوگوں تک پہنچاتے ہیں: "الیکٹرانک میڈیا" کہلاتے ہیں۔ پاکستان میں الیکٹرانک میڈیا کے ذرائع ریڈیو، ٹیلی ویژن اور انٹرنیٹ وغیرہ ہیں۔

سوالات:

| |
|---|
| 1۔ ذرائع ابلاغ کسے کہتے ہیں؟ |
| ج: |

دن:________ تاریخ:________

| |
|---|
| 2۔ ذرائع ابلاغ کیا کام انجام دیتے ہیں؟ |
| ج: |
| 3۔ پرنٹ میڈیا میں کون سے ذرائع ابلاغ شامل ہیں؟ |
| ج: |
| 4۔ الیکٹرانک میڈیا میں کون سے ذرائع ابلاغ شامل ہیں؟ |
| ج: |

## ☆کچھ نیا لکھیں

10۔ ذرائع ابلاغ میں سے کسی ایک ذرائع کی تصویر چسپاں کریں اور اس کے بارے میں دو پیراگراف لکھیں۔

دن:__________ تاریخ:__________

______________________________

______________________________

______________________________

11 اُستاد کی مدد سے اُردو زبان میں ای- میل لکھنا سیکھیں اور اپنے دوست کو ایک ای- میل بھیجیں۔

## ☆آؤ کریں کام

12۔ گداگری ایک معاشرتی مسئلہ ہے جسے آپ حل کرنا چاہتے ہیں؟اس مسئلے کے مختلف پہلوؤں اور اس کے حل کی تجاویز پر مبنی ایک مختصر تقریر کریں۔

13۔ گتّے کے خالی ڈبوں سے ایک گلّہ تیار کریں۔ اپنے جیب خرچ میں سے اس میں رقم ڈالیں اور کسی ضرورت مند کی مدد کریں۔

Progressive Education Network

دن:______ تاریخ:______

سبق 13

# ہم پھول اِک چمن کے

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ جان سکیں گے کہ قومی نغمے سے وطن سے محبت کا جذبہ پیدا ہوتا ہے اور یہی جذبہ ہمیں وطن کے لیے ہر قسم کی قربانی دینے کا درس دیتا ہے۔اس کے ساتھ ساتھ طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ متن (نظم) کو فہم کے ساتھ پڑھ کر متعلقہ سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔ رموزِ اوقاف (قوسین) کا استعمال کر سکیں گے۔ موقع محل کے مطابق محاورات کو اپنی تحریر میں شامل کر سکیں گے۔ دوست کو دعوت نامہ تحریر کر سکیں گے۔ ہدایات اور اعلانات سن کر ان میں امتیاز کر کے بتا سکیں گے۔

## ☆نئے الفاظ:

1۔ دیے گئے الفاظ کے معانی سمجھیں اور لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| چمن | | سدا | |
| نگر | | تنظیم | |
| دَمَن | | گُلستاں | |
| جلوہ | | قائم | |

## ☆آپ نے کیا سمجھا؟

2۔ نظم کے مطابق درست لفظ لکھ کر مصرعے مکمل کریں۔

- جلوے ______ کے
- اس پاک ______ کو
- آپس کے ______ ہی سے
- رنگ دیں گے اپنے ______ سے
- یہ ______ یہ ستارہ

3۔ کالم: الف میں دیے گئے الفاظ کی ترتیب درست کر کے کالم: ب میں مصرعے لکھیں۔

Progressive Education Network

دن:__________ تاریخ:__________

| کالم: الف | کالم: ب |
|---|---|
| ہے اُجالا کا آنکھوں | |
| یقیں اور کی تنظیم | |
| دَمَن نغمے کے دَمَن | |
| وطن راستے یہ کے | |
| ہم خزاں میں کو گلشن | |

4۔ دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف) چمن کے پھول کسے کہا گیا ہے؟

(ب) پہلے بند میں شاعر نے پرچم سے محبت کا اظہار کس طرح سے کیا؟

(ج) شاعر نے نظم میں گلشن کسے کہا ہے اور کیوں؟

(د) آخری بند میں شاعر نے کن راہوں پر چلنے کی بات کی ہے؟

دن:__________ تاریخ:__________

(ہ) ہم اپنے وطن کو جنّت کیسے بنا سکتے ہیں؟

____________________

____________________

## ☆مل کر کریں بات

5۔ گروہوں میں بات چیت کر کے دو ایسی تجاویز دیں، جن پر عمل کر کے ہم اپنے وطن کا نام روشن کر سکتے ہیں۔

____________________

____________________

____________________

____________________

## ☆لفظوں کا کھیل

6۔ حروف کی ترتیب درست کر کے الفاظ بنائیں۔ ان لفظوں کے دو دو ہم آواز الفاظ لکھیں۔

| حروف | الفاظ | ہم آواز الفاظ |
|---|---|---|
| ل۔پھ۔و | پھول | بھول، ڈھول |
| ن۔م۔چ | | |
| ا۔ج۔ن | | |
| گ۔ن۔ر | | |
| ر۔ا۔پ۔ی۔ا | | |

دن:____________ تاریخ:____________

## ☆قواعد سیکھیں

**قوسین:** دیے گئے جملے غور سے پڑھیں۔

| |
|---|
| ڈاکٹر کاشف خورشید صاحب (اُردو کے استاد) کو میں نے آج گاؤں میں دیکھا۔ |
| ڈاکٹر رابعہ صاحبہ (دانتوں کی مشہور ڈاکٹر) سے میں نے علاج کے لیے رجوع کیا۔ |
| اُوپر دیے گئے جملوں میں کچھ الفاظ قوسین / بریکٹ میں دیے گئے ہیں۔ قوسین، قوس کی جمع ہے۔ قوس کے معنی ہیں: کمان۔ قوسین میں دیے گئے الفاظ کسی امر کی وضاحت کے لیے دیے جاتے ہیں جو اصل عبارت کا لازمی حصہ نہیں ہوتے، انھیں "جملہ معترضہ" کہتے ہیں۔<br>جملہ معترضہ کی علامت (    ) جملہ معترضہ کو عام عبارت سے الگ کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔ |

7۔ درج ذیل جملوں میں مناسب جگہ پر قوسین لگائیں۔

| |
|---|
| 1۔ احمد علی ایک نامور شاعر آج ہمارے سکول تشریف لائے۔ |
| 2۔ ہم نے وادیِ مری پہاڑوں کی ملکہ کی سیر کی۔ |
| 3۔ شہریار احمد اور دانیال احمد دو ذہین طالبِ علموں نے امتحانات میں نمایاں پوزیشن حاصل کی۔ |
| 4۔ نسیم حجازی اصل نام محمد شریف اُردو کے معروف ناول نگار ہیں۔ |

## ☆پڑھیں

8۔ دیے گئے اشعار درست تلفظ، لے اور آہنگ سے پڑھیں۔ بعد ازاں پوچھے گئے سوالوں کے زبانی جواب بتائیں۔

| | |
|---|---|
| میری عزّت ہے یہ | میری عظمت ہے یہ |
| میری دولت ہے یہ | میری جنّت ہے یہ |
| میرا پیارا وطن | |
| اس کے دریا بڑے | تازگی سے بھرے |
| باغ پھولے پھلے | لہلہاتے ہوئے |
| میرا پیارا وطن | |

Progressive Education Network

دن:________ تاریخ:________

| | |
|---|---|
| اس کے چشمے جواں | اس میں نہریں رواں |
| جنگل اور وادیاں | اس سے اچھی کہاں |
| میرا پیارا وطن | |

سوالات:

| |
|---|
| 1۔اِن اشعار میں سے چار ہم آواز الفاظ کی جوڑیاں بنائیں۔ |
| ج: |
| 2۔ان اشعار کے مطابق ہمارا وطن ہمارے لیے کیا ہے؟ |
| ج: |
| 3۔اِن اشعار میں کن جگہوں کا ذکر کیا گیا ہے؟ |
| ج: |

## ☆کچھ نیا لکھیں

محاورات: دیا گیا جملہ غور سے پڑھیں۔ حامد سے اپنی رقم وصول کرنے کے لیے خالد کو بہت پاپڑ بیلنے پڑے۔

"پاپڑ بیلنا" سے مراد ہے "مصیبت برداشت کرنا"۔ "پاپڑ بیلنا" محاورہ ہے۔ ایسے الفاظ جو اپنے حقیقی معانی کے بجائے مجازی معانی میں استعمال ہوں "محاورے" کہلاتے ہیں۔

Progressive Education Network

9۔دیے گئے محاوروں کے معانی لکھیں اور انھیں اپنے جملوں میں استعمال کریں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اُلّو بنانا | جان پر کھیلنا | چار چاند لگانا | مگر مچھ کے آنسو بہانا | آسمان سے باتیں کرنا |

| محاورات | معانی | جملے |
|---|---|---|
| | | |
| | | |

دن:__________ تاریخ:__________

| | | |
|---|---|---|
| | | |
| | | |
| | | |

10۔مثال کے مطابق سامنے دیے گئے ہندسوں کو عددی ترتیب میں بدلیں اور خالی جگہ پُر کریں۔

| | |
|---|---|
| مثال:احمد دوڑ میں __پہلے__ نمبر پر آیا ہے۔ | (۱) |
| ☆جماعت میں__________کرسی پر نوید بیٹھتا ہے۔ | (۳) |
| ☆گلی میں __________گھر عبداللہ کا ہے۔ | (۵) |
| ☆ہفتے کے__________سکول سے چھٹی تھی۔ | (۷) |
| ☆ہم نے__________روزے سب کی افطاری کروائی۔ | (۱۱) |
| ☆میں نے آج __________پارے کی تلاوت کی۔ | (۱۲) |

## ☆آؤ کریں کام

نمونہ برائے ہدایت نامہ

باغ میں داخل ہوتے وقت درج ذیل ہدایات پر عمل کریں۔

☆پُوری آستین کا لباس پہنیں

☆پھول پتے توڑنے سے گریز کریں۔

☆باغ میں جانور ہر گز نہ لائیں۔

☆باغ میں کوڑا کرکٹ اور گندگی نہ پھیلائیں۔

دن:________ تاریخ:________

11۔لائبریری میں بیٹھنے کے لیے پانچ نکات پر مشتمل ایک ہدایت نامہ تیار کریں اور اپنے سکول کی لائبریری کے دروازے پر آویزاں کریں۔

## نمونہ برائے دعوت نامہ

عزیز دوست شہریار احمد

السّلام علیکم !

میری سالگرہ کی تقریب بروز جمعہ منعقد ہو رہی ہے۔اس خوشی کے موقع پر آپ کی شرکت میرے لیے عزّت کا باعث ہو گی۔ تشریف لا کر محفل کی رونق دوبالا کریں۔

پروگرام ان شاءاللہ !

تاریخ ________

وقت ________

مقام ________

پابندیِ وقت اچھے لوگوں کا شیوہ ہے۔

ثنا محمد

Progressive Education Network

12۔ایک دعوت نامہ تیار کریں اور اپنے دوست کو اپنی سال گرہ میں شرکت کی دعوت دیں۔

دن:________ تاریخ:________

سبق 14

# آؤ بچو! سنو کہانی (برائے مطالعہ)

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ بتا سکیں گے کہ اُن کو کس طرح کی کہانیاں سننا اور پڑھنا پسند ہیں۔ اساتذہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ مختلف کہانیاں اور واقعات پڑھ کر یا سن کر بچے اپنے ردِّ عمل کا اظہار کر سکیں اور بچوں کو ترغیب دیں کہ وہ مثبت عادات اپنائیں۔ دھوکا دہی، جھوٹ بولنے، کسی کا مال ہتھیانے جیسی عادات کو بُرا جانیں۔

## ☆ سمجھیں اور بتائیں

1۔ درسی کتاب کے صفحہ ۹۸ تا ۹۹ میں دی گئی کہانی کا مطالعہ کرتے ہوئے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف) دونوں دوستوں نے کون سا پیشہ اختیار کیا؟

________________________________________

________________________________________

(ب) اندھے فقیر نے کس بات کا فائدہ اُٹھانے کی کوشش کی؟

________________________________________

________________________________________

(ج) بادشاہ نے مسئلے کا حل کیسے نکالا؟

________________________________________

________________________________________

Progressive Education Network

(د)اندھا فقیر کون سے الفاظ بار بار دُہرا رہا تھا؟

__________

__________

(ہ)اگر آپ بادشاہ کی جگہ ہوتے تو سچائی کا کھوج کیسے لگاتے؟

__________

__________

__________

(و)اس کہانی میں کیا اخلاقی سبق پوشیدہ ہے؟

__________

__________

__________

## ☆سننا/بولنا

2۔ طلبہ کیسے خدمتِ خلق کے کاموں میں حصہ لے سکتے ہیں؟ پانچ جملوں میں بتائیں۔

__________

__________

__________

__________

__________

Progressive Education Network

دن:__________ تاریخ:__________

## ☆پڑھنا

3۔ دیا گیا پیراگراف درست تلفظ اور روانی سے پڑھیں اور اس کا خلاصہ لکھیں۔

رانی کوٹ قلعہ، ضلع جام شورو سندھ میں واقع ایک مشہور قلعہ ہے۔ اس عظیم الشان قلعے کو دیوارِ سندھ بھی کہا جاتا ہے۔ قلعہ رانی کوٹ کے کھنڈرات سے یہ اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ یہ قلعہ تقریباً دو ہزار سال سے بھی پہلے تعمیر کیا گیا ہو گا۔ اٹھارویں صدی میں اس قلعے کی مرمت کروائی گئی۔ پہاڑوں کے درمیان موجود یہ قلعہ بالکل دیوارِ چین کی مانند تھا۔ اس قلعے کے بے شمار دروازے تھے۔ مشرقی دروازے "سان گیٹ" کے سامنے دریائے رانی واقع ہے، جو صرف موسمِ برسات میں بہتا ہے باقی سارا سال خشک ہی رہتا ہے۔ قلعے کی شکستہ دیواروں پر قدیم لکھائی کے آثار بھی ملتے ہیں۔ قلعے کے اندر داخل ہوتے ہی بالکل سامنے اسٹوپا نما برج ہے جو مقامی طرزِ تعمیر کا عکاس ہے۔ ذرا سا آگے بڑھیں تو دائیں طرف ایک مسجد کے آثار بھی نظر آتے ہیں۔ اس کے مینار اور گنبد کے کچھ حصے شہید ہو چکے ہیں۔ قلعے کے مغربی جانب والا گیٹ "موہن گیٹ" کہلاتا ہے۔ اس کے سامنے ایک وسیع میدان ہے۔ "امری گیٹ" رانی گیٹ قلعے کی آخری حد کہلاتا ہے۔ قلعے کے اندر پانی کا ذخیرہ کرنے کے لیے ایک وسیع و عریض تالاب بھی تھا جو گردشِ زمانہ سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو چکا ہے۔ لیکن اب بھی بارشوں کا پانی اچھی خاصی مقدار میں اس میں جمع ہو جاتا ہے۔ مختلف ادوار میں اس قلعے کی تزئین و آرائش کی جاتی رہی مگر اب یہ قلعہ بالکل ویران ہے۔

خلاصہ:

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

دن:______ تاریخ:______

## ☆زبان شناسی

4۔ دیے گئے غلط جملوں کو درست کر کے دوبارہ لکھیں۔

| غلط جملے | درست جملے |
|---|---|
| ☆ دادا جان نے اخبار پڑھی۔ | |
| ☆ آپ کا کیا حال ہے؟ | |
| ☆ بھوکے کو کھانا کھلانا صواب کا کام ہے۔ | |
| ☆ ثنا میری ہم جماعتی ہے۔ | |
| ☆ ماہِ رمضان کا مہینا شروع ہونے میں چند دن باقی ہے۔ | |

5۔ اعراب کو مدِ نظر رکھتے ہوئے دیے گئے الفاظ کے جملے بنائیں۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عِلم | عَلَم | پُل | پَل | تِیر | تَیر | اَنیس | اُنیس |

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| عِلم | |
| عَلَم | |
| پُل | |
| پَل | |
| تِیر | |
| تَیر | |
| اَنیس | |
| اُنیس | |

دن:__________ تاریخ:__________

6۔ دیے گئے سابقوں اور لاحقوں کی مدد سے دو دو بامعنی الفاظ بنائیں۔

| سابقے | الفاظ | لاحقے | الفاظ |
|---|---|---|---|
| با | | ناک | |
| | | | |
| کم | | باز | |
| | | | |
| ان | | دان | |
| | | | |

7۔ دیے گئے جملوں میں مناسب جگہ پر قوسین لگائیں۔

☆ڈاکٹر عبد اللہ مشہور دندان ساز سے آج سرِ راہ ملاقات ہوئی۔

☆ہم سب شاہی قلعے لاہور کی سیر کرنے جائیں گے۔

☆شازیہ اور اسما جماعت پنجم نے تقریری مقابلے میں اوّل اور دوم پوزیشن حاصل کی۔

☆جواد کے بھائی گورنمنٹ سکول کے استاد نے ہمیں امتحانات کی تیاری کروائی۔

Progressive Education Network

8۔ "کاش" اور "اگر" لکھ کر جملے مکمل کریں۔

☆میں نے امتحانات کی تیاری اچھی طرح کی ہوتی۔

☆تم نے میری بات سنی ہوتی تو نقصان نہ اٹھاتے۔

☆میں بھی دوڑ میں اوّل آ سکتا۔

☆ہم متحد ہو جائیں تو دنیا کی کوئی طاقت ہمیں ہرا نہیں سکتی۔

تاریخ:__________ دن:__________

9۔ دیے گئے الفاظ کے جملے بنائیں۔

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| دہقاں | |
| آہ بھرنا | |
| لُطف | |
| ہُنَر | |
| سخی | |

## ☆لکھنا

10۔ کوئی سے تین ذرائع ابلاغ کے نام لکھیں۔ بعد ازاں کسی ایک ذریعے کے متعلق دس سطروں پر مبنی پیرا گراف لکھ کر اپنے خیالات کا اظہار کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| ا۔ | ۲۔ | ۳۔ |

دن:__________ تاریخ:__________

سبق 15

# آئیں! مدد کریں

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ جان سکیں گے کہ سکاؤٹس اور گرل گائیڈز کو کسی بھی آفت میں دوسروں کی مدد کرنے کی تربیّت دی جاتی ہے اور اُن کو بہت سے مفید کام سکھائے جاتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ کہانی سن کر خاص خاص نکات بیان کر سکیں گے۔ اپنے خیالات، جذبات اور احساسات کا خط کی صورت میں تحریری اظہار کر سکیں گے۔ حروفِ ندا، استعجاب، افسوس کا استعمال کر سکیں گے۔ قدرتی آفات اور ہنگامی صورتِ حال میں اپنے اور دوسرے کی بچاؤ کی تدابیر کر سکیں گے۔

## ☆ نئے الفاظ:

1۔ دیے گئے الفاظ کے معانی سمجھیں اور لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| ہُجُوم | | خدمتِ خلق | |
| آفت | | رُکن | |
| کِفایت شعار | | خوش اِخلاق | |
| ناگہانی | | مفید | |

Progressive Education Network

## ☆ آپ نے کیا سمجھا؟

2۔ سبق کے مطابق درست لفظ لکھ کر خالی جگہ پُر کریں۔

- چوک میں پہنچے تو ٹریفک کی__________بتّی جل اُٹھی۔
- تھوڑی ہی دیر میں__________بھی آگئی۔
- طلبا کی تنظیم__________کہلاتی ہے۔
- اتنے ہجوم میں دو__________آگے بڑھے۔
- ہم نے__________طبی امداد کی تربیّت حاصل کی۔

دن:________ تاریخ:________

3۔ سبق کے مطابق درست بیانات کے سامنے (✓) اور غلط بیانات کے سامنے (×) کا نشان لگائیں۔

| | |
|---|---|
| • علی اور شازیہ باغ سے واپس آ رہے تھے۔ | (   ) |
| • لڑکے کے بازو کی ہڈی ٹوٹ گئی تھی۔ | (   ) |
| • زخمی کو سکوٹر پر ہسپتال پہنچا دیا گیا۔ | (   ) |
| • جونیئر گائیڈ گیارہ سال کی عمر تک کی طالبات کے لیے ہوتی ہے۔ | (   ) |
| • سکاؤٹ اور گرل گائیڈ مددگار اور خوش اخلاق ہوتے ہیں۔ | (   ) |

4۔ دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف) سکاؤٹس کے کتنے درجے ہوتے ہیں؟

________

________

(ب) سکاؤٹنگ تحریک کے بانی کون تھے اور یہ کب قائم ہوئی؟

________

________

(ج) پاکستان گرل گائیڈ ایسوسی ایشن کب قائم ہوئی؟

________

________

(د) سکاؤٹ اور گرل گائیڈ، تربیتی پروگرام میں کیا سیکھتے ہیں؟

________

________

Progressive Education Network

دن:________ تاریخ:________

(ہ) کسی بھی ناگہانی صورتِ حال سے نمٹنے کے لیے سکاؤٹ یا گرل گائیڈ کی تربیت حاصل کرنا کیوں ضروری ہے؟

________________________________________

________________________________________

## ☆مل کر کریں بات

5۔ اپنے اردگرد موجود مختلف مسائل کے حل میں آپ کیا کردار ادا کر سکتے ہیں؟

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

## ☆لفظوں کا کھیل

6۔ درج ذیل الفاظ پڑھنے میں ایک جیسے مگر اِملا اور معانی کے لحاظ سے مختلف ہیں۔ مثال کے مطابق ان کو درست اِملا سے ملائیں۔

| الفاظ | معانی |
| --- | --- |
| عَلَم | تحفہ |
| اَلَم | شہد |
| نذر | جھنڈا |
| نظر | بنیاد، جڑ |
| عسل | نگاہ |
| اصل | دکھ |

دن:_______ تاریخ:_______

## ☆قواعد سیکھیں

ان جملوں کو غور سے پڑھیں۔

| |
|---|
| ارے! آپ کہاں جا رہے ہیں؟ |
| آہ! میں دوڑ میں اوّل نہ آ سکا۔ |
| سُبحان اللہ! کتنا خوب صُورت منظر ہے۔ |
| حروفِ نِدا: وہ حروف جو کسی کو پکارنے یا متوجہ کرنے کے لیے بولے جائیں، حروفِ ندا کہلاتے ہیں۔ جیسے پہلے جملے میں "ارے" حرفِ ندا ہے۔ |
| حروفِ تاسف: وہ الفاظ جو غم اور افسوس ظاہر کرنے کے لیے بولے جائیں، حروفِ تاسف کہلاتے ہیں۔ جیسے دوسرے جملے میں "آہ" حرفِ تاسف ہے۔ |
| حروفِ استعجاب: وہ الفاظ جو حیرت کے اظہار کے لیے بولے جاتے ہیں "حروفِ استعجاب" کہلاتے ہیں۔ جیسے تیسرے جملے میں "سُبحان اللہ" حرفِ استعجاب ہے۔ |

7۔ دیے گئے حروف کی مدد سے اس طرح جملے بنائیں کہ معانی واضح ہو جائیں۔

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| حروفِ ندا: | |
| اے | |
| او | |
| ارے | |
| حروفِ تاسّف | |
| افسوس | |
| ہائے ہائے | |
| اُف | |

دن:———— تاریخ:————

| حروفِ استعجاب | |
|---|---|
| واہ رے | |
| سُبحان اللہ | |

## ☆پڑھیں

8۔ دیا گیا پیرا گراف درست تلفّظ اور روانی سے پڑھیں۔ بعد ازاں پوچھے گئے سوالوں کے زبانی جواب دیں۔

ایدھی فاؤنڈیشن ایک فلاحی ادارہ ہے، جو ۱۹۵۱ء میں عبدالستار ایدھی کی طرف سے کراچی میں قائم کیا گیا تھا۔ ایدھی فاؤنڈیشن کی خدمات میں ۲۴ گھنٹے کی ایمرجنسی سروس شامل ہے۔ عبدالستار ایدھی نے صرف ۵۰۰۰ روپے کی مدد سے پہلا فلاح و بہبود کا مرکز بنایا تھا، بعد میں ایدھی ٹرسٹ قائم کیا۔ آج ایدھی فاؤنڈیشن پاکستان میں فلاح و بہبود کی سب سے بڑی تنظیم ہے۔ اس فاؤنڈیشن کے ملک بھر میں ۳۰۰ سے زائد مراکز ہیں۔ سب سے بڑی رضاکارانہ ایمبولینس سروس ہونے کی وجہ سے ۲۰۰۰ء میں گینیز بک آف ورلڈ ریکارڈ نے عبدالستار ایدھی کا نام اپنی کتاب کی زینت بنایا، جس کے مطابق دنیا کی سب سے بڑی ایمبولینس سروس ایدھی فاؤنڈیشن کی ہے۔ ابتدا میں ان کی خدمات صرف زخمیوں کو ہسپتال پہنچانے تک محدود تھیں، مگر بعد میں ان کا دائرہ کار وسیع تر ہوتا چلا گیا۔ وائرلیس کے نظام سے مربوط ۵۰۰ ایمبولینسوں کا یہ نیٹ ورک پاکستان بھر میں پھیلا ہوا ہے۔

سوالات:

| |
|---|
| 1۔ ایدھی فاؤنڈیشن کب اور کس نے قائم کی؟ |
| ج: |
| 2۔ ایدھی فاؤنڈیشن کی کوئی سی دو فلاحی سرگرمیوں کے بارے میں بتائیں۔ |
| ج: |
| 3۔ ایدھی فاؤنڈیشن کا نام گینیز بک آف ورلڈ ریکارڈ میں کب اور کیوں شامل کیا گیا؟ |
| ج: |

دن:__________ تاریخ:__________

## ☆کچھ نیا لکھیں

9۔ مدد کرنے کے موضوع پر کوئی مضمون پڑھیں اور اپنے الفاظ میں لکھیں۔(دو پیراگراف)

| |
|---|
| |
| |
| |
| |
| |
| |
| |
| |
| |
| |

Progressive Education Network

## ☆آؤ کریں کام

10۔ دو چارٹ تیار کریں۔ ایک پر گرل گائیڈ کا عالمی نشان بنائیں اور اس کے قوانین لکھیں، جب کہ دوسرے چارٹ پر سکاؤٹ کا عالمی نشان اور اس کے قوانین لکھیں۔

دن:________ تاریخ:________

سبق 16

# رکھیں میرا خیال

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ جان سکیں گے کہ ذاتی صفائی کے ساتھ ساتھ ماحول کی صفائی کا خیال رکھنا بھی ضروری ہے۔اساتذہ طلبہ کو بتائیں کہ جہاں تک ہو سکے اپنے ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں۔اس کے ساتھ ساتھ طلبہ متن کی تفہیم کے لیے اسے درست تلفظ اور ادائی سے پڑھ سکیں گے۔واقعے یا ماحول کا مشاہدہ کر کے تحریری اظہار کر سکیں گے۔اشارات اور تصاویر کی مدد سے کہانی لکھ سکیں۔رموزِ اوقاف (استفہامیہ) کا استعمال کر سکیں گے۔حروفِ عطف کا درست استعمال کر سکیں گے۔

## ☆نئے الفاظ:

1۔دیے گئے الفاظ کے معانی سمجھیں اور لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| بے ہنگم | | صَوتی | |
| دُوبھر | | گریز کرنا | |
| اَن مول | | آلُودگی | |
| پَروَرِش | | ماند پڑنا | |

Progressive Education Network

## ☆آپ نے کیا سمجھا؟

2۔سبق کے مطابق درست لفظ لکھ کر خالی جگہ پُر کریں۔

- سڑکوں پر________شور تھا۔
- میں________ہوں۔اس دنیا میں آپ کا ٹھکانہ۔
- مل کر کوشش کریں اور مجھے میرا________لوٹا دیں۔
- درخت زمین کی________کا باعث ہیں۔
- شوروغل ذہنی________میں کمی اور چڑچڑے پن میں اضافہ کرتا ہے۔

دن:__________ تاریخ:__________

3۔ کالم: الف کو کالم: ب سے ملائیں۔

| کالم: الف | کالم: ب |
|---|---|
| کارخانوں کا آلودہ پانی | آپ کی تن درستی اور خوش حالی ہے۔ |
| کچرے کو مناسب | میرے صاف پانی میں ملا دیتے ہیں۔ |
| شور وغُل ذہنی سکون میں کمی | بہت دیر ہو جائے گی۔ |
| میری تن درستی میں | طریقے سے ٹھکانے لگائیں۔ |
| اس سے پہلے کہ | اور چڑ چڑے پن میں اضافے کا باعث بنتا ہے۔ |

4۔ دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف) سبق "رکھیں میرا خیال" میں کس دن کا ذکر کیا گیا ہے اور وہ دن کب منایا جاتا ہے؟

______________________________

______________________________

(ب) زمین ہمارا گھر ہے، لیکن کیسے؟ چند جملے لکھیں۔

______________________________

______________________________

______________________________

(ج) زمین کی پریشانی کی چار وجوہات لکھیں۔

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

Progressive Education Network

دن:________ تاریخ:________

(د) آلودگی کی کسی ایک قسم کے خاتمے یا اس میں کمی کے لیے تجاویز دیں۔

________________________________

________________________________

________________________________

## ☆مل کر کریں بات

5۔ آپس میں بات چیت کریں اور بتائیں کہ ایک طالبِ علم کی حیثیت سے آپ ماحول کو صاف رکھنے کے لیے کیا کر سکتے ہیں؟

________________________________

________________________________

________________________________

________________________________

## ☆لفظوں کا کھیل

6۔ لکھ کر بتائیں کہ یہ الفاظ کن موقعوں پر کہے جاتے ہیں؟

| الفاظ | مواقع |
|---|---|
| السّلام علیکم | ________ |
| خوش آمدید | ________ |
| معاف کیجیے گا | ________ |
| شکریہ | ________ |

Progressive Education Network

دن:__________ تاریخ:__________

## ☆قواعد سیکھیں

7۔ دیے گئے حروف کا استعمال کرتے ہوئے استفہامیہ جملے لکھیں اور علامتِ استفہام (؟) بھی لگائیں۔

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| کیا | |
| کب | |
| کون | |
| کیسے | |
| کہاں | |
| کس | |

**حروفِ عطف:**

دیے گئے جملے غور سے پڑھیں۔

جاذب اور سارہ دونوں بہن بھائی ہیں۔

نوید ہمیشہ خوش و خرم رہتا ہے۔

صحت اور صفائی کا آپس میں گہرا تعلق ہے۔

ہمیں اپنے وطن کی ترقی کے لیے شب و روز محنت کرنی چاہیے۔

اُوپر دیے گئے جملوں میں ”اور، و“ کو خط کشیدہ کیا گیا ہے۔ ایسے حروف جو دو سے زیادہ لفظوں یا دو جملوں کو ملانے کا کام دیتے ہیں، انھیں ”حروفِ عطف“ کہتے ہیں۔ ان جملوں میں ”اور، و“ بطور حروفِ عطف استعمال کیے گئے ہیں۔

8۔ "اور"، "و" کا استعمال کرتے ہوئے خالی جگہ پُر کریں۔

- اس کی شب————روز کی محنت رنگ لائی۔
- اللہ تعالیٰ کی حمد————ثنا بیان کریں۔
- زارا————سارہ پانچویں جماعت میں پڑھتی ہیں۔
- لومڑی ہوشیار————چالاک جانور ہے۔
- شمس————قمر سے مراد سورج اور چاند ہے۔
- پرچم ستارہ————ہلال۔


## ☆پڑھیں

9۔ دیا گیا پیراگراف درست تلفّظ اور روانی سے پڑھ کر اس کا مفہوم بتائیں۔

احمد ہمیشہ چاق و چوبند اور صحت مند نظر آتا ہے۔ احمد سے اُس کی صحت کا راز پوچھا جائے تو مُسکرا کر جواب دیتا ہے: "صفائی" احمد اچھی طرح جانتا ہے کہ صفائی اور صحت کا آپس میں گہرا تعلق ہے۔ جہاں صفائی کا خیال نہ رکھا جائے وہاں بیماریاں پیدا ہوتی ہیں۔ صحت مند رہنے کے لیے جسم، غذا، لباس وغیرہ کا صاف سُتھرا ہونا ضروری ہے۔ احمد اپنی صحت اور صفائی کا خیال کیسے رکھتا ہے؟ آیئے! جانتے ہیں۔ وہ روز نہاتا ہے۔ کیوں کہ غُسل نہ کرنے سے جسم پر میل جم جاتا ہے۔ وہ صبح و شام دانت صاف کرتا ہے۔ اِس وجہ سے وہ دانتوں اور مسوڑھوں کی بیماریوں سے بھی بچ جاتا ہے۔ اُس کے ناخن ہمیشہ تراشے ہوئے ہوتے ہیں۔ وہ کھانا کھانے سے پہلے اور بعد میں صابُن سے ہاتھ ضرور دھوتا ہے اور کُلّی بھی کرتا ہے۔ احمد کے گھر کا ہر فرد چُست اور تن درست ہے کیوں کہ وہ سبھی صفائی کو پسند کرتے ہیں۔

## ☆کچھ نیا لکھیں

10۔ دی گئی تصویروں کی مدد سے ایک کہانی لکھیں۔



دن:________ تاریخ:________

## ☆آؤ کریں کام

11۔ٹین یا گتّے کے خالی ڈبّوں کی مدد سے کوڑے دان اور گُل دان بنا کر اپنے کمرہ جماعت اور سکول کے برآمدوں میں رکھیں۔

12۔"ماحولیاتی آلودگی میں ہمارا کردار" کے موضوع پر ایک مختصر تقریر تیار کر کے سکول اسمبلی یا جماعت میں پیش کریں۔

Progressive Education Network

دن:________ تاریخ:________

سبق 17

# نیک بنو، نیکی پھیلاؤ

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ جان سکیں گے کہ ہمیں نیکی کے راستے پر چلنا چاہیے، نیکی کی بات دوسروں تک پہنچانی چاہیے اور اچھی عادات اپنانی چاہییں۔ اساتذہ کو چاہیے کہ وہ طلبہ کو اچھی عادات اپنانے کی ترغیب دیں۔ اس کے ساتھ ساتھ طلبہ نظم کو نثر میں تبدیل کر سکیں گے۔ جملوں کو زمانہ ماضی، حال اور مستقبل کے لحاظ سے تبدیل کر سکیں گے۔ اسم صفت کی پہچان اور استعمال کر سکیں گے۔ علامتِ فاعل "نے" اور علامتِ مفعول "کو" کا صحیح استعمال کر سکیں گے۔ داخلہ فارم پُر کر سکیں گے۔ ماحول اور معاشرے سے متعلق مسائل کے بارے میں اپنا نقطۂ نظر پیش کر سکیں گے۔

## ☆ نئے الفاظ:

1۔ دیے گئے الفاظ کے معانی سمجھیں اور لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| رِیس | | رَغبَت | |
| ہمسائے | | کمانا | |
| اپاہج | | بھلائی | |
| سُتھرائی | | راہ بتانا | |

## ☆ آپ نے کیا سمجھا؟

2۔ کالم (الف) میں دیے گئے حروف کی ترتیب درست کر کے الفاظ بنائیں اور ان الفاظ سے متعلقہ مصرعے خالی جگہ میں لکھیں۔

| حروف | الفاظ | مصرعے |
|---|---|---|
| س-ی-ر | | |
| م-ن-ح-ت | | |
| د-کھ-ے | | |
| ا-ج-ت-م-ع | | |
| ا-ج-ت-م-ع | | |

3۔ کالم: الف کو کالم: ب سے ملائیں۔

| کالم: الف | کالم: ب |
|---|---|
| جب اوروں کو راہ بتاؤ | سب کو اپاہج وہ ہیں بناتے |
| قوم کو اچھے کام دکھاؤ | سب کو محنت وہ ہیں سکھاتے |
| جو نہیں ہاتھ اور پاؤں ہلاتے | سیکھتی ہے شوق ان سے جماعت |
| جو پڑھنے میں کرتے ہیں محنت | خود رستے پر تم آجاؤ |

4۔ دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف) معاشرے میں نیکی کیسے پھیلائی جا سکتی ہے؟

______________________________

(ب) ایک محنتی انسان دوسروں کو کس بات کا سبق دیتا ہے؟

______________________________

______________________________

(ج) اس نظم میں ہمسایوں کے ساتھ کیسا سلوک کرنے کی بات کی گئی ہے؟

______________________________

______________________________

(د) سچ بولنے کی اہمیت کے بارے میں پانچ جملے لکھیں۔

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

Progressive Education Network

دن:__________ تاریخ:__________

## ☆مل کر کریں بات

5۔ آپس میں بات چیت کریں اور بتائیں کہ اچھی عادات کا معاشرے پر کیا اثر ہوتا ہے؟

_______________________________________________

_______________________________________________

_______________________________________________

_______________________________________________

## ☆لفظوں کا کھیل

6۔ ''سچا انسان'' ایک مرکب لفظ ہے۔ لفظ سچا ''اسم موصوف'' ہے۔ ایسے ہی چھے مرکب الفاظ بنائیں۔

| | |
|---|---|
| (۱) | (۲) |
| (۳) | (۴) |
| (۵) | (۶) |

## ☆قواعد سیکھیں

7۔ دیے گئے جملوں کو زمانہ ماضی، حال اور مستقبل کے مطابق تبدیل کریں۔

| فعل حال | فعل ماضی | فعل مستقبل |
|---|---|---|
| باورچی کھانا پکاتا ہے۔ | | |
| | ٹھنڈی ہوا چل رہی تھی۔ | |
| | | طوطا چوری کھائے گا۔ |
| شازیہ جھولا جھولتی ہے۔ | | |
| | | بچہ روئے گا۔ |

Progressive Education Network

دن:______ تاریخ:______

8۔ "نے" (علامتِ فاعل) اور "کو" (علامتِ مفعول) کا استعمال کرتے ہوئے جملے مکمل کریں۔

- عبداللہ______ احمد ______شاباش دی۔
- بلّی______ چوہے ______پنجہ مارا۔
- بڑے بھائی______ چھوٹے بھائی______ بتایا۔
- یاسر ______حامد______ ہنسایا۔
- ابّا جان ______باجی______ کتاب دی۔

## ☆پڑھیں

9۔ دی گئی نظم درست تلفظ، آہنگ سے پڑھیں اور اس کا مرکزی خیال لکھیں۔

| | |
|---|---|
| ہاتھ سے محنت کرنے والو! | محنت کا دم بھرنے والو! |
| جینے والو محنت کر کے | محنت ہر دم کرنے والو! |
| قوم کی آنکھ کے تارے ہو تم<br>اللہ کو بھی پیارے ہو تم | |
| اے مُزدورو اور کسانو! | شمعِ محنت کے پروانو! |
| تم سے ہے اِس ملک کی رونق | اپنے آپ کو کم مت جانو |
| قوم کی آنکھ کے تارے ہو تم<br>اللہ کو بھی پیارے ہو تم | |

نظم کا مرکزی خیال:

______

______

______

دن:______ تاریخ:______

## ☆کچھ نیا لکھیں

10۔ اپنا پسندیدہ شعر نیچے دی گئی خالی جگہ میں لکھیں۔

| |
|---|
| |
| |

11۔ دوسروں سے میل جول بڑھانے کے لیے آپ کون سی اچھی عادات اپنانا چاہیں گے اور اپنی کن ناپسندیدہ عادات کو بدلنا چاہیں گے؟ دس جملوں میں لکھیں۔

| |
|---|
| 1۔ |
| 2۔ |
| 3۔ |
| 4۔ |
| 5۔ |
| 6۔ |
| 7۔ |
| 8۔ |
| 9۔ |
| 10۔ |

## ☆آؤ کریں کام

12۔ سکول اور گھر میں آپ کو کن مسائل کا سامنا ہے؟ ایک فہرست تیار کریں اور ان مسائل کے حل کے لیے تجاویز بھی دیں۔

استاد کی مدد سے اپنے سکول کا داخلہ فارم پُر کریں اور اپنی کاپی میں چسپاں کریں۔

دن:__________ تاریخ:__________

سبق 18

# ایک قدیم شہر

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ جان سکیں گے کہ ہڑپہ کی تہذیب صدیوں پرانی ہے۔اساتذہ طلبہ کو بتائیں کہ تاریخی ثقافتی ورثے سے کیا مراد ہے، تاریخی عمارات اور مقامات پاکستان میں کہاں کہاں پائے جاتے ہے؟اس کے ساتھ ساتھ طلبہ کسی عنوان پر دس سے پندرہ جملوں پر مشتمل مضمون لکھ سکیں گے۔غلط فقرات کو درست کر سکیں گے۔مترادف اور متضاد کے فرق کو سمجھ کر بتا/لکھ سکیں گے۔لغت میں الف بائی ترتیب سے الفاظ تلاش کر سکیں گے۔لُغت کی مدد سے الفاظ کے معنی تلاش کر سکیں گے۔

## ☆نئے الفاظ:

1۔دیے گئے الفاظ کے معانی سمجھیں اور لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| مُماثلت | | مُتبرّک | |
| پرستِش | | معقول | |
| زوال | | پیچیدہ | |
| آشنا | | عُمدہ | |

## ☆آپ نے کیا سمجھا؟

2۔سبق کے مطابق درست الفاظ لکھ کر خالی جگہ پُر کریں۔

| |
|---|
| ہڑپہ اور موئن جو دڑو وادی__________ کی تہذیب کا حصہ تھے۔ |
| ہڑپہ عالمی __________ ورثے کا حصّہ ہے۔ |
| کچھ گھروں سے کپڑا بننے کی__________ بھی ملی ہیں۔ |
| ہڑپہ کے لوگوں کا __________ دل چسپ اور پیچیدہ ہے۔ |
| ہڑپہ سے ملنے والی __________ پَر دیوی دیوتاؤں کی تصویریں ملی ہیں۔ |

دن:__________ تاریخ:__________

3۔ سبق کے مطابق درست بیانات کے سامنے (✓) اور غلط بیانات کے سامنے (×) کا نشان لگائیں۔

| | |
|---|---|
| ہڑپہ سے ملنے والے اوزار چاندی سے بنائے جاتے تھے۔ | |
| ہڑپہ کے لوگ پڑھنا لکھنا نہیں جانتے تھے۔ | |
| ہڑپہ کی سرزمین بنجر تھی۔ | |
| ہڑپہ کے لوگوں کی اکثریت غریب تھی۔ | |
| ہڑپہ سے ملنے والی مہروں پر ہاتھی اور کوہان والے بیل کی تصویریں زیادہ تھیں۔ | |

4۔ دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف) وادیِ سندھ کی تہذیب کے آثار پاکستان کے کن علاقوں میں پائے جاتے ہیں؟

______________________________

(ب) ہڑپہ میں کس طرح کے مکانات تعمیر کیے جاتے تھے؟

______________________________

______________________________

(ج) ہڑپہ میں کاروبارِ زندگی کیسے چلایا جاتا تھا اور کس بات پر زور دیا جاتا تھا؟

______________________________

______________________________

(د) ہڑپہ کے رہنے والے کن چیزوں کی پوجا کرتے تھے؟

______________________________

______________________________

(ہ) ہڑپہ سے ملنے والی کوئی سی پانچ چیزوں کے نام اور ان کے بارے میں ایک ایک جملہ لکھیں۔

______________________________

______________________________

Progressive Education Network

دن:________ تاریخ:________

________

________

________

## ☆مل کر کریں بات

5۔اگر آپ ہڑپہ کی سیر کو جاتے ہیں تو واپسی پر دوستوں کو اس سے متعلق کیا کیا بتائیں گے؟

________

________

________

________

________

## ☆لفظوں کا کھیل

6۔دیے گئے الفاظ کے معانی لغت میں سے تلاش کریں اور انھیں الف بائی ترتیب سے لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الف بائی ترتیب |
|---|---|---|
| قیمتی | | (۱) |
| جدید | | (۲) |
| حکمران | | (۳) |
| تحقیق | | (۴) |
| باسی | | (۵) |
| مشتمل | | (۶) |

Progressive Education Network

دن:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تاریخ:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

## ☆قواعد سیکھیں

7۔مثال کے مطابق دیے گئے الفاظ کی جوڑیوں کی درست شناخت کریں۔

| الفاظ | الفاظ | متضاد | مترادف |
|---|---|---|---|
| زمین | آسمان | ✓ | |
| دوست | رفیق | | |
| قدیم | جدید | | |
| عقل مند | دانا | | |
| زوال | عروج | | |
| ڈر | خوف | | |
| خاص | اہم | | |
| سطح | گہرائی | | |

8۔دیے گئے غلط جملوں کو درست کر کے دوبارہ لکھیں۔

| غلط جملے | درست جملے |
|---|---|
| سکول کے حال میں ہڑپہ سے متعلق ایک تصویری نمائش کا اہتمام کیا گیا تھا۔ | |
| بُڑھیا عورت اچانک سڑک پر پھسل گئی۔ | |
| مجھے آم کھانا پسند ہیں۔ | |
| دادا جان نے اخبار پڑھی۔ | |
| یہ پھولوں کا گُل دستہ احمد لایا تھا۔ | |

Progressive Education Network

دن:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تاریخ:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

## ☆پڑھیں

9۔ دی گئی عبارت درست تلفظ اور روانی سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب دیں۔

لاڑکانہ شہر ۲۷ کلو میٹر کے فاصلے پر "موئن جو دڑو" کے کھنڈرات واقع ہیں۔ ہڑپہ اور موئن جو دڑو دونوں شہروں کا نقشہ اور ترتیب تقریباً ایک جیسی ہے، جس سے یہ اندازہ لگایا گیا ہے کہ یہ دونوں شہر وادیِ سندھ کی تہذیب سے تعلق رکھتے ہیں۔ سندھی زبان میں "موئن جو دڑو" کا مطلب ہے "مُردوں کا ٹیلا۔" صفحۂ ہستی سے مٹ جانے والا یہ شہر قریباً پانچ ہزار سال پہلے آباد ہوا تھا۔ اس شہر کے کھنڈرات سے بچوں کے کھلونے، عورتوں کے زیورات، ہاتھی دانت کی بنی ہائی چیزیں، سیپ، گھونگے اور چینی کے برتن برآمد ہوئے ہیں۔ اس کے علاوہ مختلف مجسمے اور اَوزار بھی ملے ہیں۔ آثار سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس شہر کے باشندے ذہین اور محنتی تھے۔ ان لوگوں کا پیشہ کھیتی باڑی تھا۔ وہ لوگ ہندسوں کا استعمال جانتے تھے۔ اشارات اور تصاویر پر مبنی ان کا اپنا ایک رسم الخط تھا، جسے ماہرین آج تک نہیں پڑھ پائے۔ یہ شہر ختم کیسے ہوا، اس بارے میں ماہرین میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ کچھ ماہرین کے خیال میں وبائی امراض کے نتیجے میں ساری آبادی ختم ہو گئی اور کچھ ماہرین کے مطابق قدرتی آفات مثلاً سیلاب یا زلزلے کی وجہ سے یہ شہر نیست و نابود ہو گیا۔ ایک نظریہ یہ بھی ہے کہ بیرونی حملہ آوروں نے اس شہر کی اینٹ سے اینٹ بجادی ہو گی، جس کی وجہ سے یہ شہر صفحۂ ہستی سے مِٹ گیا۔

سوالات:

☆موئن جو دڑو کا کیا مطلب ہے؟

☆موئن جو دڑو کا رسم الخط کن چیزوں پر مشتمل ہے؟

☆موئن جو دڑو کے کھنڈرات سے کیا برآمد ہوا؟

☆موئن جو دڑو کے باشندے کس طرح کے تھے؟

دن:__________ تاریخ:__________

## ☆کچھ نیا لکھیں

10۔ دیے گئے محاورات کو اپنے جملوں میں استعمال کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| ایڑی چوٹی کا زور لگانا | دانت کھٹے کرنا | آسمان سے باتیں کرنا |
| باتیں بگھارنا | ناک میں دم کرنا | باغ باغ ہونا |

| |
|---|
| |
| |
| |
| |
| |
| |

11۔ اپنے صوبے کے کسی ایک تاریخی مقام کے بارے میں مختصر مضمون لکھیں، جس میں کم از کم دو محاورے بھی شامل ہوں۔

| |
|---|
| |
| |
| |
| |
| |
| |
| |

دن:________ تاریخ:________

| |
|---|
| |
| |
| |
| |
| |
| |
| |

## ☆آؤ کریں کام

12۔ ایک کتابچہ تیار کریں، جس میں پاکستان کے مختلف صوبوں میں موجود تاریخی عمارات کی تصویریں لگا کر ان کے نام اور صوبے کا نام بھی لکھیں۔ بعد ازاں کمرہ جماعت میں اس کی نمائش کا اہتمام کریں۔

Progressive Education Network

دن:______ تاریخ:______

سبق 19

# حُسنِ سلوک

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ جان سکیں گے کہ نیک دل اور رحم دل انسان اللہ کو بہت پسند ہے۔اسی طرح چھوٹے چھوٹے کاموں سے بڑی تبدیلیاں لائی جاسکتی ہیں اور نیکی کبھی بھی رائیگاں نہیں جاتی۔اس کے ساتھ ساتھ طلبہ مرکب الفاظ سن کر سمجھ کر دُہرا سکیں گے۔کسی بھی واقعے یا کہانی کو اپنے لفظوں میں درست لب و لہجے کے ساتھ بیان کر سکیں گے۔اپنی تحریر کو عنوان، آغاز، پیشکش اور اختتامیہ کے مطابق ترتیب دے سکیں گے۔اعراب کے بدلنے سے معانی کی تبدیلی کو سمجھ سکیں گے۔حروفِ شرط و جزا کا درست استعمال کر سکیں گے۔دوسروں کی تہنیتی کارڈ تحریر کر سکیں گے۔

## ☆نئے الفاظ:

1۔دیے گئے الفاظ کے معانی سمجھیں اور لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| عیش | | مُہلک | |
| بے جا | | شاندار | |
| ٹٹولنا | | شان دار | |
| بِینائی | | بے چین | |

## ☆آپ نے کیا سمجھا؟

2۔سبق کے مطابق درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

☆بچوں کی عادتیں بگاڑ دیتا ہے:

۱۔ڈانٹنا ۲۔لاڈ پیار ۳۔غصّہ ۴۔حمایت کرنا

☆کچی بستی میں رہتا تھا:

۱۔ظفر ۲۔عابد ۳۔امجد ۴۔سفیان

☆ظفر کو انعام کے طور پر پیسے دیے:

۱۔چچا جان نے ۲۔ماموں جان نے ۳۔تایا جان نے ۴۔بھائی جان نے

دن:______ تاریخ:______

| | | | |
|---|---|---|---|
| ☆ ظفر نے عابد کے لیے خریدی ایک: | | | |
| ۱۔ گھڑی | ۲۔ کتاب | ۳۔ سفید چھڑی | 4۔ ٹوپی |
| ☆ ظفر کے ابّا جان کا تبادلہ لاہور سے ہو گیا: | | | |
| ۱۔ کراچی | ۲۔ پشاور | ۳۔ کوئٹہ | 4۔ اسلام آباد |

3۔ دیے گئے الفاظ معمّے میں سے تلاش کر کے ان کے گرد دائرہ لگائیں۔ بعد ازاں سبق میں سے ان الفاظ سے متعلقہ جملے ڈھونڈ کر دی گئی جگہ میں لکھیں۔

عہد

نوجوان

علاج

اِکلوتا

درخواست

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ا | ع | ہ | د | ش |
| ک | ن | س | ر | ب |
| ل | و | ق | خ | ع |
| و | ج | ا | و | ل |
| ت | و | پ | ا | ا |
| ا | ا | ج | س | ج |
| چ | ن | ر | ت | ے |

| |
|---|
| ۱۔ |
| ۲۔ |
| ۳۔ |
| ۴۔ |
| ۵۔ |

4۔ دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف) سفید چھڑی کس کام آتی ہے؟

______

______

دن:__________ تاریخ:__________

(ب)عابد کی بینائی کس وجہ سے چلی گئی تھی؟

________________________________________

________________________________________

(ج)عابد کو تعلیم کس نے دلوائی اور اس کا کیا فائدہ ہوا؟

________________________________________

________________________________________

(د)ظفر نے جس حسنِ سلوک کا مظاہرہ کیا، اس کے بارے میں بتائیں۔

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

(د)اگر آپ ظفر کی جگہ ہوتے تو عابد کی مدد کیسے کرتے؟

Progressive Education Network

________________________________________

________________________________________

(و)سفید چھڑی کون لوگ استعمال کرتے ہیں؟

________________________________________

________________________________________

دن:__________ تاریخ:__________

## ☆مل کر کریں بات

5۔ سبق ”حسنِ سلوک“ کو اپنے الفاظ میں بیان کریں۔ اپنے پسندیدہ کردار کے بارے میں گُفت گو کریں اور پسندیدگی کی وجہ بتائیں۔

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

## ☆لفظوں کا کھیل

6۔ دی گئی مثال کے مطابق پانچ مرکب الفاظ لکھیں اور ان کے جملے بنائیں۔

| الفاظ | معانی | الف بائی ترتیب |
|---|---|---|
| قیمتی | | (۱) |
| جدید | | (۲) |
| حکمران | | (۳) |
| تحقیق | | (۴) |
| باسی | | (۵) |
| مشتمل | | (۶) |

Progressive Education Network

دن:————　　　　　　　　تاریخ:————

## ☆قواعد سیکھیں

7۔اعراب کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے کالم:الف میں دیے گئے الفاظ کو کالم:ب میں دیے گئے معانی سے ملائیں۔

| کالم:الف | کالم:ب |
|---|---|
| گِن | خوبی |
| گُن | گِننا |
| دُھن | دولت |
| دَھن | شوق |
| مِیل | سُتون |
| مَیل | گندگی |

حروفِ شرط وجزا

دیے گئے جملے غور سے پڑھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| اگر بارش نہ ہوئی تو میں گاؤں آؤں گا۔ | جو نہاری کھائے گا سو یاد رکھے گا۔ | اگرچہ اس نے محنت کی مگر وہ کامیاب نہ ہو سکا۔ |

اوپر دیے گئے جملوں میں خط کشیدہ حروف ”اگر، جو، اگرچہ،“ ایسے حروف ہیں جو شرط کو ظاہر کرتے ہیں، اسی لیے انھیں ”حروفِ شرط“ کہتے ہیں۔ حروفِ شرط آنے کے بعد جملہ مکمل کرنے کے لیے ایک اور حرف کی ضرورت پڑتی ہے۔ اوپر کے جملوں میں حروف ”تو، سو، مگر“ ایسے حروف ہیں، جو حروفِ شرط کے جواب میں لکھے گئے ہیں، انھیں ”حروفِ جزا“ کہتے ہیں۔ حروفِ شرط و جزا جس جملے میں آئیں، وہ جملہ عام طور پر طویل ہوتا ہے اور دو حصّوں پر مشتمل ہوتا ہے۔

8۔خالی جگہ میں حروف شرط و جزا لکھ کر جملے مکمل کریں۔

| اگر | تب | جب | تو | سو | جو | ویسا | جیسا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| | |
|---|---|
| • ———— بارش ہوگی ———— ہریالی ہوگی۔ | • ———— بوؤگے ———— کاٹوگے۔ |
| • ———— کروگے ———— بھروگے۔ | • ———— وہ وقت پر دوا لیتا ———— جلد صحت یاب ہو جاتا۔ |

دن:________ تاریخ:__________

## ☆پڑھیں

9۔ دی گئی عبارت درست تلفظ اور روانی سے پڑھیں۔ بعد ازاں اسے اپنے الفاظ میں بیان کریں۔

اسلام سے پہلے لڑائی میں پکڑے جانے والے قیدیوں کے ساتھ بہت بُرا سلوک کیا جاتا تھا۔ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیّین ﷺ نے قیدیوں کے ساتھ اچھا سلوک کرنے کی تلقین کی۔ مسلمانوں نے بدر کی لڑائی میں کچھ کافروں کو پکڑ لیا۔ آپ ﷺ نے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنھم کو تاکید کی کہ ان قیدیوں کا خاص خیال رکھا جائے۔ چُناں چہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنھم خود بھوکے رہتے یا کھجوریں کھا کر گزارا کر لیتے، لیکن قیدیوں کو اچھے سے اچھا کھانا فراہم کرتے۔ ان قیدیوں کے ہاتھ پاؤں رسیّوں سے جکڑ دیے گئے تھے، جس کی وجہ سے وہ درد سے کراہنے لگے۔ ان کی آوازیں سن کر آپ ﷺ بے قرار ہو گئے۔

صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنھم سمجھ گئے کہ آپ ﷺ قیدیوں کی تکلیف کی وجہ سے بے چین ہیں۔ چناں چہ انھوں نے قیدیوں کی رسیّوں کی گرہیں ڈھیلی کر دیں۔ قیدیوں کو سکون ملا تو آپ ﷺ کی بے چینی بھی دور ہو گئی۔

## ☆کچھ نیا لکھیں

10۔ آپ کا دوست کسی وجہ سے امتحانات کی تیاری نہیں کر سکا۔ آپ اُس کی مدد کیسے کریں گے؟ دو پیراگراف میں لکھ کر بتائیں۔

دن:__________ تاریخ:__________

11۔ سبق "حُسنِ سلوک" کو مد نظر رکھتے ہوئے اچھے برتاؤ کے موضوع پر ایک مختصر کہانی لکھیں۔

## ☆آؤ کریں کام

12۔ اپنے دوست کے لیے ایک کارڈ بنائیں اور اسے رنگوں، ربن یا پھر کسی اور چیز سے مزیّن کر کے اسے دیں۔(سال گرہ، امتحان میں کامیابی، نیک تمناؤں، کسی تہوار کی مبارک باد، صحت یابی وغیرہ کے لیے)

دن:________ تاریخ:________

سبق 20

# کہا اِقبال رحمتہ اللہ علیہ نے

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ جان سکیں گے کہ علامہ اقبالؒ ہمارے قومی شاعر ہیں اور انھوں نے اپنی شاعری کے ذریعے سے قوم کو بیدار کیا۔ انھوں نے مسلمانوں کے لیے الگ وطن کا خواب دیکھا اور اُن کو ان کے قومی فرض سے آگاہ کیا۔ اس کے ساتھ ساتھ طلبہ حافظے میں موجود نظم اور اشعار لَے اور آہنگ سے سنا سکیں گے۔ اکسٹھ (٦١) تا سو (١٠٠) گنتی اُردو ہندسوں اور لفظوں میں لکھ سکیں گے۔ مترادف اور متضاد کے فرق کو سمجھ کر بتا سکیں گے۔ مختلف سماجی تقریبات میں اُردو بولنے میں فخر محسوس کر سکیں گے۔

## ☆ نئے الفاظ:

1۔ دیے گئے الفاظ کے معانی سمجھیں اور لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| مِلّت | | چرچا | |
| آگاہ کرنا | | منزل | |
| برملا | | اساس | |
| رہ نُمائی | | بھٹکے ہوئے | |

## ☆ آپ نے کیا سمجھا؟

2۔ کالم: الف کو کالم: ب سے ملا کر مصرعے مکمل کریں۔

| کالم: الف | کالم: ب |
|---|---|
| رہ نمائی کے لیے | پھر دیا اقبال نے |
| ہیں مسلماں اور ہندو | جو کہا اقبالؒ نے |
| مشورہ اہلِ وطن کو | بھٹکے ہوئے انسان کی |
| شاعروں نے کب کہا تھا | برملا اقبالؒ نے |
| اپنے خُطبے میں کہا یہ | دو الگ ہی سلسلے |



Progressive Education Network

دن:______ تاریخ:______

3۔ حروف کی ترتیب درست کر کے الفاظ بنائیں اور ان سے متعلقہ مصرع لکھیں۔

| حروف | الفاظ | مصرع |
|---|---|---|
| ل۔م۔ل۔ت | | |
| چ۔ں۔ب۔و۔چ | | |
| ف۔ض۔ر | | |
| ن۔ز۔م۔ل | | |

4۔ دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف) علّامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے کس بات کا چرچا کیا؟

______

(ب) علّامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ بچوں کو کیا دعا دی؟

______

______

(ج) پیغمبر ﷺ کے بارے میں علّامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے کیا کہا؟

______

______

(د) اس مصرعے کا مفہوم لکھیں: "ملک اِک ایسا بناؤ، دین ہو جس کی اساس۔"

______

______

(د) ایک پاکستانی ہونے کی حیثیت سے علّامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ کا ہم پر کیا احسان ہے؟

______

______

Progressive Education Network

دن:_______ تاریخ:_______

## ☆مل کر کریں بات

5۔ علّامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ کی نظم "بچّے کی دعا" پڑھیں۔ آپس میں بات چیت کریں اور بتائیں کہ اس میں کیا دعا مانگی گئی ہے؟

_______________________________________________

_______________________________________________

_______________________________________________

_______________________________________________

_______________________________________________

## ☆لفظوں کا کھیل

6۔ دیے گئے اشاروں کی مدد سے شخصیت کا نام بوجھیں اور دی گئی جگہ میں لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| بانیِ پاکستان | شہیدِ ملّت | علی گڑھ تحریک |
| | | |
| بابائے اُردو | مادرِ ملّت | شاہ نامہ |
| | | |

Progressive Education Network

دن:————— تاریخ:—————

## ☆قواعد سیکھیں

7۔ قوسین میں دیے گئے الفاظ کے مترادف لکھ کر مناسب تبدیلیوں کے ساتھ جملے دوبارہ لکھیں۔

| |
|---|
| ☆قلات کا قلعہ (نرالا) طرزِ تعمیر کا شاہکار ہے۔ |
| |
| آزادی حاصل کرنے کا سفر نہایت (کٹھن) تھا۔ |
| |
| برصغیر کے مسلمانوں کے لیے الگ وطن بنانے کا (تصوّر) سب سے پہلے علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے دیا۔ |
| |
| ایک آزاد وطن کے حصول کے لیے مردوں کے ساتھ ساتھ عورتوں نے بھی (جدوجہد) کی۔ |
| |
| ہمارا (عَلَم) ہماری قومی شناخت ہے۔ |
| |
| باغ میں دوسرے بچے بھی اُن کے ساتھ کھیل میں (شریک) ہو جاتے ہیں۔ |
| |

8۔ دیے گئے الفاظ کو الف بائی ترتیب سے لکھیں اور ان کے معانی لُغت میں سے تلاش کر کے لکھیں۔

| الفاظ | دربان | بڑائی | فکر | قُربان | حقّہ | مشترک |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الف بائی ترتیب | | | | | | |
| معانی | | | | | | |

دن:________ تاریخ:________

## ☆پڑھیں

9۔ دیے گئے اشعار درست تلفظ، لَے اور آہنگ سے پڑھیں۔ بعد ازاں بتائیں کہ ان اشعار میں قائدِ اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں کیا کہا گیا ہے؟

اس پاک وطن کا تُو رہنما ہے
ہیں اور بھی رہبر تُو ان سے بڑا ہے
ان سے بڑا ہے
اے قائدِ اعظمؒ
اے قائدِ اعظمؒ
باطل کے مقابل کس شان سے آیا
کافر کو پچھاڑا غاصب کو گِرایا
اے مردِ مجاہد
اللہ رے دم خم
اے قائدِ اعظم

## ☆کچھ نیا لکھیں

10۔ ”بچوں کے لیے اقبال کی نظمیں“ کے موضوع پر دس جملے لکھیں۔

Progressive Education Network

دن:________ تاریخ:________

## ☆آؤ کریں کام

11۔"خوابِ اقبالؒ کی تعبیر ہیں ہم" کے موضوع پر ایک تقریر تیار کریں۔ کمرہ جماعت / سکول اسمبلی میں پیش کریں۔

12۔انٹرنیٹ کی مدد سے اقبال میوزیم لاہور کے بارے میں معلومات حاصل کریں اور اپنے ساتھیوں کو بتائیں۔

13۔اکسٹھ (٦١) تا سو (١٠٠) لفظی گنتی اور عددی گنتی یاد کریں اور جماعت میں سنائیں۔

Progressive Education Network

دن:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تاریخ:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سبق 21

# بے مِثل ہے نِظام تیرا

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ جان سکیں گے کہ اس کائنات کو تخلیق کرنے والی واحد ذات اللہ تعالیٰ کی ہے۔اللہ تعالیٰ ہمارا خالق ومالک ہے۔وہ ہر چیز پر قادر ہے۔اس کے ساتھ ساتھ طلبہ متن کو سمجھ کر معنی اخذ کر سکیں گے اور غیر ضروری تحریر کو منہا کر سکیں گے۔ماحول کا مشاہدہ کرکے چند سطری عبارت لکھ سکیں گے۔کسی عنوان پر دو سے تین مربوط اور با مقصد پیرا گراف پر مشتمل مختصر مضمون لکھ سکیں گے۔جمع کو واحد اور واحد کو جمع میں تبدیل کر کے بتا / لکھ سکیں گے۔فعل کو فاعل اور مفعول کی مطابقت سے استعمال کر سکیں گے۔

## ☆نئے الفاظ:

1۔دیے گئے الفاظ کے معانی سمجھیں اور لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| دِل دادہ | | جسامت | |
| کرۂ ارض | | گردش | |
| بِگاڑ | | نباتات | |
| مدار | | ساکن | |

## ☆آپ نے کیا سمجھا؟

2۔سبق کے مطابق درست الفاظ لکھ کر خالی جگہ پُر کریں۔

| |
|---|
| ہم ہوا سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔حاصل کرتے ہیں۔ |
| اللہ تعالیٰ نے ہر جان دار۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔پانی سے بنائی۔ |
| سورج ایک۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔ |
| سورج روشنی اور حرارت کا سب سے بڑا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔ |
| اللہ تعالیٰ اس کائنات کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔انداز میں چلا رہا ہے۔ |

Progressive Education Network

دن:_______ تاریخ:_______

3۔ سبق کے مطابق درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ☆پرنسپل صاحب نے سکول میں افتتاح کیا: | | | |
| ا۔لیبارٹری کا | ۲۔لائبریری کا | ۳۔نمائش کا | ۴۔میلے کا |
| ☆سیّارے کس کے گرد گردش کرتے رہتے ہیں: | | | |
| ا۔چاند کے | ۲۔زمین کے | ۳۔سورج کے | ۴۔سیّاروں کے |
| ☆زمین کی گردش کے مطابق مکمل ہونے والے سال کو کہتے ہیں: | | | |
| ا۔شمسی سال | ۲۔قمری سال | ۳۔ہجری سال | ۴۔عربی سال |
| ☆زمین کا تین چوتھائی حصّہ مشتمل ہے: | | | |
| ا۔پہاڑوں پر | ۲۔میدانوں پر | ۳۔جنگلوں پر | ۴۔پانی پر |
| ☆چاند زمین کے گرد اپنا چکر پورا کرتا ہے: | | | |
| ا۔تقریباً۲۶دنوں میں | ۲۔تقریباً۲۷دنوں میں | ۳۔تقریباً۲۸دنوں میں | ۴۔تقریباً۲۹دنوں میں |

4۔ دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف)اللہ تعالیٰ نے کائنات کو کس چیز سے سجایا ہے؟

___________________________________

___________________________________

(ب)نظامِ شمسی سے کیا مراد ہے؟

___________________________________

___________________________________

(ج)سورج کی روشنی سے کیا کیا فائدے اٹھائے جا رہے ہیں اور مزید کون کون سے اٹھائے جا سکتے ہیں؟

___________________________________

___________________________________

___________________________________

Progressive Education Network

دن:__________ تاریخ:__________

(د) ستاروں اور سیّاروں میں فرق لکھیں۔

(د) نظم وضبط کی پانچ مثالیں لکھیں۔

## ☆مل کر کریں بات

5۔ آپس میں بات چیت کریں اور بتائیں کہ دن اور رات کے آنے جانے میں ہمارے لیے کیا بہتری ہے؟

دن:________ تاریخ:________

## ☆لفظوں کا کھیل

6۔مثال کے مطابق دیے گئے حروف الگ الگ کریں اور درمیان والے حرف سے ایک نیا لفظ بنا کر اَعراب لگائیں۔

| الفاظ | حروف | نیا لفظ |
|---|---|---|
| تشکیل | ت۔ش۔ک۔ی۔ل | کفایت |
| تحسین | | |
| حقیقت | | |
| مشتمل | | |
| تعبیر | | |
| متعلق | | |

## ☆قواعد سیکھیں

7۔دیے گئے واحد الفاظ کے جمع کے واحد لکھیں۔

| واحد | جمع |
|---|---|
| | نِکات |
| شے | |
| | دستاویزات |
| نعمت | |
| | سیارچے |
| نشان | |

Progressive Education Network

دن:________ تاریخ:________

8۔ فاعل اور مفعول کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے مناسب فعل کا استعمال کرتے ہوئے جملے مکمل کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| • شفق سبق ________ ہے۔ | پڑھتا | پڑھتی | پڑھتے |
| • یاسر شربت ________ ہے۔ | پیتا | پیتی | پیتے |
| • طوطے نے چُوری ________ تھی۔ | کھایا | کھائی | کھائے |
| • حامد نے کتاب اور قلم ________۔ | خریدا | خریدی | خریدے |
| • بچے بارش میں ________ ہیں۔ | نہاتا | نہاتی | نہاتے |
| • اسما نے کھیر ________ ہے۔ | پکایا | پکائی | پکائے |

## ☆پڑھیں

9۔ دی گئی عبارت درست تلفظ اور روانی سے پڑھیں۔ بعد ازاں اسے اپنے الفاظ میں بیان کریں۔

سورج زمین کو روشنی فراہم کرتا ہے۔ اس کی بدولت پودے اپنی خوراک حاصل کرتے ہیں۔ دن رات کا اُلٹ پھیر اور موسموں کا تغیّر و تبدل بھی اسی کی وجہ سے ہوتا ہے۔ موسم مختلف قسم کی فصلوں، سبزیوں اور پھلوں کی نشوو نما کا باعث ہیں۔ غرض ہمارے کرۂ ارض کی رونقیں سورج ہی کے دم سے بحال ہیں۔ ذرا سوچیے! سورج کو اس مناسب فاصلے پر کس نے رکھا؟ زمین کے اِرد گرد یہ حفاظتی خول کس نے بنایا؟ سیّاروں کو اپنے اپنے مدار پر چلنے کا پابند کس نے کیا؟ ہواؤں، بارشوں اور پانی کا نظام ٹھیک ٹھیک طریقے سے کون چلا رہا ہے؟ ہمارا جواب یقیناً یہی ہو گا، "اللہ تعالیٰ۔" صد شکر ہے اس ذات کا، جس نے اس کائنات کو بے مثال تخلیق کیا۔

## ☆کچھ نیا لکھیں

Progressive Education Network

10۔ دنیا کے کسی اور ملک سے اپنے وطن کے موسموں کا موازنہ کریں اور پانچ جملے لکھیں۔

دن:________ تاریخ:________

11۔ دن اور رات میں سے آپ کا پسندیدہ وقت کون سا ہے اور کیوں؟ چند جملوں میں لکھیں۔

## ☆آؤ کریں کام

12۔ نظامِ شمسی کے سیّاروں کی تصاویر اور ان کے بارے میں معلومات پر مبنی ایک کتابچہ تیار کریں اور جماعت میں اس کی نمائش کریں۔

دن:________ تاریخ:________

سبق 22

# اقوالِ زریں (برائے مطالعہ)

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ جان سکیں گے کہ اقوالِ زریں سے مراد اچھی باتیں ہیں اور یہ باتیں حکمت سے بھرپور ہوتی ہیں۔ اور اِن اقوال پر عمل کرنے سے ہم اپنی زندگیوں میں مثبت تبدیلی لا سکتے ہیں۔

## ☆سننا/بولنا

1۔ آلودگی کی تین اقسام بتائیں اور ان کی روک تھام کے لیے دو دو تجاویز دیں۔

________________________________

________________________________

________________________________

________________________________

________________________________

2۔ دی گئی کہانی کا انجام خود لکھیں اور کہانی مکمل کر کے سنائیں۔

احمد اور دانیال شام کو پارک میں کھیلنے جاتے ہیں۔ وہاں ان کے دوست اُسامہ، سبحان، طلحہ وغیرہ بھی ان کے ساتھ کھیل میں شریک ہو جاتے ہیں۔ سب دوست خوب لُطف اُٹھاتے ہیں۔ لڑکیاں اکثر جھولے جھولتی ہیں اور لڑکے کرکٹ یا فٹ بال کھیلتے ہیں۔ پچھلے دو دن سے پارک میں ایک لڑکا آہستہ آہستہ چلتے ہوئے بینچ پر آ کر بیٹھ جاتا ہے۔ یوں لگتا ہے جیسے اس کی ٹانگ میں کوئی تکلیف ہے۔ ارے! یہ کیا؟ یہ اس کے ساتھ کیا رکھا ہے؟ اچھا! بیساکھی ہے، جس کے سہارے وہ چل کر آتا ہے۔ وہ پارک میں کھیلتے ہوئے بچوں کو دیکھ کر کبھی خوش اور اُداس ہو جاتا ہے۔ وہ ان کے ساتھ کھیل میں شریک نہیں ہو سکتا۔ احمد اور اس کے دوستوں نے اسے بھی اپنے ساتھ کھلانے کا سوچا اور اگلے روز۔۔۔۔۔۔

انجام:________________________________

دن:_________ تاریخ:__________

## ☆پڑھنا

3۔ دی گئی عبارت درست تلفظ اور روانی سے پڑھیں۔ بعد ازاں سوالوں کے جواب دیں۔

ہرمزان نے مسلمانوں کو جزیہ دینے کا وعدہ تو کر لیا، مگر اس نے وعدہ پورا نہ کیا۔ اس نے دو مرتبہ ایسا ہی کیا۔ تیسری بار وہ ایران کے ایک شہر کے قلعے میں جا کر قلعہ بند ہو گیا۔ اسلامی فوج کے کمانڈر اور حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیّین ﷺ کے پیارے صحابی حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے شہر پر حملہ کیا اور شہر فتح کر کے اس پر قبضہ کر لیا۔ ہرمزان نے ایک بار پھر ہتھیار ڈال دیے مگر اس بار ہتھیار ڈالنے سے پہلے اس نے ایک شرط منوائی کہ ہتھیار ڈالنے کے بعد اسے حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس بھیج دیا جائے۔

سوالات:

| |
|---|
| (الف) ہرمزان نے اپنا کون سا وعدہ پورا نہ کیا؟ |
| ج: |
| (ب) اس پیراگراف میں کس ملک کا ذکر کیا گیا ہے؟ |
| ج: |
| (ج) اسلامی فوج کے کمانڈر کون تھے؟ |
| ج: |
| (د) ہرمزان نے اپنی کون سی شرط منوائی؟ |
| ج: |

## ☆زبان شناسی

4۔ حروفِ استعجاب، تاسف اور ندا کی دو دو مثالیں لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| حروفِ استعجاب: | ا۔________ | ۲۔________ |

| | | |
|---|---|---|
| حروفِ تاسف: | ا۔________ | ۲۔________ |

| | | |
|---|---|---|
| حروفِ ندا: | ا۔________ | ۲۔________ |



Progressive Education Network

دن:________ تاریخ:________

5۔ حروفِ عطف "و، اور" کا استعمال کرتے ہوئے پانچ الفاظ بنائیں اور ان کے جملے لکھیں۔

| |
|---|
| ۱۔____________________ |
| ۲۔____________________ |
| ۳۔____________________ |
| ۴۔____________________ |
| ۵۔____________________ |

6۔ اَعراب اور اِملا کو مدِ نظر رکھتے ہوئے الفاظ کے درست معانی کے گرد دائرے لگائیں۔

| الفاظ | معانی | | الفاظ | معانی | |
|---|---|---|---|---|---|
| دُھن | شوق | دولت | گُن | خوبی | گننا |
| پُل | گزرنے کا راستہ | لمحہ | عار | شرم | ایک اوزار |
| عسل | بنیاد | شہد | امارت | امیری | مکان |

7۔ خالی جگہ میں مناسب حروفِ استفہام لفظ لکھ کر جملے مکمل کریں۔

| | |
|---|---|
| میرا قلم______ ہے؟ | آپ______ کہنا چاہتے ہیں؟ |
| یہ دراز______ کھلے گا؟ | یہ______ کی چادر ہے؟ |
| بادشاہی مسجد______ واقع ہے؟ | دروازے پر______ ہے؟ |

8۔ حروفِ شرط و جزا کا استعمال کرتے ہوئے جملے مکمل کریں۔

| | |
|---|---|
| ______ کرنی______ بھرنی۔ | ______ آپ آئیں گے______ میں کھانا کھاؤں گی۔ |
| ______ بوؤ گے______ کاٹو گے۔ | ______ وہ بات سن لیتا______ نقصان نہ اُٹھاتا۔ |

تاریخ:________ دن:________

## ☆لکھنا

9۔"ہیں لوگ وہی جہاں میں اچھے آتے ہیں جو کام دوسروں کے" کے موضوع پر مضمون لکھیں۔

10۔ہیڈ مسٹریس کے نام ضروری کام کے لیے رُخصت کی درخواست لکھیں۔

دن:______ تاریخ:______

Progressive Education Network

دن:__________ تاریخ:__________

سبق 23

# ٹوٹ بٹوٹ کے مرغے

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ جان سکیں گے کہ لڑنا جھگڑنا اچھی عادت نہیں ہے۔ لڑائی جھگڑے سے نقصان ہی ہوتا ہے۔ اساتذہ بچوں کو مثبت اور منفی عادات کے بارے میں بتائیں۔ بچوں کو ترغیب دیں کہ وہ اپنے ساتھ پیش آنے والے کسی بھی ناپسندیدہ واقعے کے بارے میں اپنے اساتذہ کرام/بڑوں کو فوری طور پر آگاہ کریں۔ اس کے ساتھ ساتھ طلبہ لطائف سے لطف اندوز ہوتے ہوئے ان میں پوشیدہ دانش سمجھ کر بتا سکیں گے۔ کسی عنوان پر پندرہ جملوں پر مشتمل مضمون لکھ سکیں گے۔ حروفِ ندا، استعجاب اور افسوس کا اظہار کر سکیں گے۔ حروفِ جار اور حروفِ عطف کا استعمال کر سکیں گے۔

## ☆ نئے الفاظ:

1۔ دیے گئے الفاظ کے معانی سمجھیں اور لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| ہُشیار | | دَستار | |
| سِیخ | | ہاتھاپائی | |
| ہنٹر | | ڈانگ | |
| نرالی | | نِرا | |

Progressive Education Network

## ☆ آپ نے کیا سمجھا؟

2۔ نظم کے مطابق الفاظ کی ترتیب درست کر کے سامنے دی گئی جگہ میں مصرعے دوبارہ لکھیں۔

| | |
|---|---|
| کالی دُم تھی ایک مرغے کی، لال ایک مرغے کی | |
| چار آنے لے کر دونوں شہر کو نکلے اِک دن | |
| میں شیر، اِک بولا اِک بولا میں لگڑ بگھیلا | |
| بولے گلے لگایا ٹوٹ بٹوٹ نے ٹکڑوں کُوں | |
| اِک دستار پہنے اِک انگریزی ٹوپی پہنے | |

تاریخ:________　　　　　　　　　　دن:________

3۔ معمے میں دیے گئے الفاظ تلاش کر کے ان کے گرد دائرہ لگائیں اور ان سے متعلقہ مصرع لکھیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ن | ی | ز | ب | س |
| ر | ب | ا | س | م |
| ا | ے | ل | ک | جھ |
| ل | ر | م | ٹ | ن |
| ی | خ | ی | س | ا |

4۔ دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف) ٹوٹ بٹوٹ کے مرغوں کے نام کیا تھے؟

(ب) شہر جاتے ہوئے دونوں کے پاس کتنی رقم تھی؟

Progressive Education Network

(ج) دونوں مُرغوں کا حلیہ بیان کریں۔

(ج) لڑائی میں دونوں مرغوں کا کیا نقصان ہوا؟

دن:________ تاریخ:________

(د) اِس نظم سے ہمیں کیا اخلاقی سبق ملتا ہے؟

______________________________

______________________________

## ☆مل کر کریں بات

5۔ اپنا پسندیدہ کوئی بھی مزاحیہ واقعہ یا شعر ساتھیوں کو سنائیں اور دی گئی خالی جگہ میں لکھیں اور پسندیدگی کی وجہ بھی لکھیں۔

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

## ☆لفظوں کا کھیل

6۔ مثال کے مطابق لفظوں کا کھیل کھیلیں، نئے الفاظ بنائیں اور پڑھیں۔

Progressive Education Network

| | |
|---|---|
| "یل" سے پہلے ت، ر اور م لگائیں تو بنیں گے: | تیل، ریل، میل |
| "باغ" غ ہٹا کر لی، جی اور ری لگائیں تو بنیں گے: | |
| "رانی" سے را ہٹا کر پا، نا اور ٹھا لگائیں تو بنیں گے: | |
| لفظ "بستر" کے حروف سے مزید تین لفظ بنیں گے: | |
| مور، لاج اور لوگ کو اُلٹا کر لکھیں تو بنیں گے: | |

دن:__________ تاریخ:__________

## ☆ قواعد سیکھیں

7۔ حروفِ ندا، استعجاب اور افسوس لکھ کر جملے مکمل کریں۔

| | |
|---|---|
| • ________میرا بٹوہ کھو گیا ہے۔ | • ________یہ کیسی مشکل آن پڑی ہے۔ |
| • ________تو ہی میری مدد فرما۔ | • ________لیکن یہ ہوا کیسے؟ |
| • ________آپ نے تو کمال ہی کر دیا۔ | • ________بھائی سنتے ہو۔ |

8۔ مناسب حروفِ جار اور حروفِ عطف کا استعمال کرتے ہوئے خالی جگہ پُر کریں۔

| | |
|---|---|
| • چھت ________کوّا بیٹھا ہے۔ | • جن ________اِنس سب اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہیں۔ |
| • مجھے قلم ________کتاب کی ضرورت ہے۔ | • سکول سے گھر ________کا راستہ سجا ہوا تھا۔ |
| • میرے ________کچھ روپے ہیں۔ | • پردے کے ________کون ہے؟ |

## ☆ پڑھیں

9۔ دی گئی عبارت درست تلفظ اور روانی سے پڑھیں۔ بعد ازاں اسے اپنے الفاظ میں بیان کریں۔

یہ بھنبھناتا ہوا ننھّا سا پرندہ آپ کو بہت ستاتا ہے۔ ہندو، سکھ، مسیحی، یہودی سب بالاتفاق اس سے ناراض ہیں۔ ہر روز اس کے مقابلے کے لیے مہمیں تیار ہوتی ہیں۔ جنگ کے نقشے تیار ہوتے ہیں۔ مگر مچھّروں کے جنرل کے سامنے کسی کی نہیں چلتی۔ شکست پر شکست ہوتی چلی جاتی۔ شکست پر شکست ہوئی چلی جاتی ہے اور مچھّروں کا لشکر بڑھا چلا آتا ہے۔

اتنے بڑے ڈِیل ڈول کا انسان ذرا سے بھنگے پر قابو نہیں پا سکتا۔ طرح طرح کے مسالے بھی بناتا ہے کہ ان کی بُو سے مچھر بھاگ جائیں لیکن مچھر اپنی یورش سے باز نہیں آتے۔ آتے ہیں اور نعرے لگاتے ہوئے آتے ہیں۔ بے چارہ آدم زاد حیران رہ جاتا ہے اور کسی طرح انکا مقابلہ نہیں کر سکتا۔

تاریخ:__________ دن:__________

## ☆کچھ نیا لکھیں

10۔ ”خوش رہیں اور خوشیاں بانٹیں“ اس موضوع پر ایک مضمون لکھیں۔

تاریخ:__________ دن:__________

11۔ عید کے موقع پر آپ اپنے دوستوں، ملازموں یا پھر ہم جماعتوں کو کیسے اپنی خوشیوں میں شریک کرنا چاہیں گے ؟ایک پیراگراف لکھیں۔

_______________________________________________

_______________________________________________

_______________________________________________

_______________________________________________

_______________________________________________

_______________________________________________

_______________________________________________

## ☆آؤ کریں کام

12۔ بچوں کی کسی کتاب، رسالے یا انٹرنیٹ کی مدد سے لطیفے پڑھیں اور جماعت میں سنائیں اور اپنی پسندیدگی کی وجہ بھی بتائیں۔

13۔ "یومِ مزاح" منانے کے لیے ایک اعلان اور مختصر ہدایت نامہ لکھیں۔

Progressive Education Network